CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر
امروز
www.dailyimroze.com

جلد: 19 | ہفتہ، 4 جولائی 2026ء 18 محرم الحرام 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 180

وزیراعظم کی ایڈز اور ہیپاٹائٹس کے خاتمے کیلئے سخت اقدامات کی ہدایت

غیر معیاری سرنجوں کے استعمال پر پابندی کا فیصلہ

وزیراعظم شہباز شریف کا ملک بھر میں غیر معیاری سرنجوں کی تیاری اور استعمال پر مکمل پابندی کا حکم، خلاف ورزی کرنے والے ہسپتالوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی ہدایت

3 متعدی امراض کے تدارک کے لیے ماہرین پر مشتمل خصوصی کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ، ڈریپ کو طبی صنعت کی مشاورت سے مؤثر پالیسی اقدامات تجویز کرنے کا ٹاسک

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ایڈز اور ہیپاٹائٹس سی جیسے متعدی امراض کی روک تھام سے متعلق اعلیٰ سطح کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک بھر میں بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ نجی ٹی وی چینل ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیراعظم نے ہدایت کی کہ متعدی امراض کے فوری سدباب کے لیے ملک بھر میں غیر معیاری سرنجوں کی تیاری اور استعمال پر مکمل پابندی عائد کی جائے، جبکہ خلافِ ضابطہ سرنجوں کے استعمال میں ملوث یا اس کی روک تھام میں مجرمانہ غفلت کے مرتکب افراد اور ہسپتالوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے متعدی امراض پر قابو پانے کے لیے ماہرین پر مشتمل خصوصی کمیٹی تشکیل د (بقیہ نمبر 1)



مریم نواز کا سانحہ کاہنہ پر گہری تشویش کا اظہار

وزیراعلیٰ پنجاب نے سماجی مسائل کے تدارک کو اجتماعی ذمہ داری قرار دے دیا۔

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ سانحۂ کاہنہ میں 14 معصوم بچے جان سے گئے، والدین کو اپنے بچوں کو باہر بھیجنے سے پہلے تسلی کر لینی چاہیے کہ ان کے بچے محفوظ ہیں، جب کوئی گٹر میں گر کر مرتا ہے، تو یہ میری ذمے داری ہے۔ روزنامہ جنگ کے مطابق (بقیہ نمبر 2)

10 ماہ میں پاور سیکٹر کے گردشی قرض میں 222 ارب روپے اضافہ

تھنک ٹینک رپورٹ کے مطابق مالی سال کے دس ماہ میں نیا قرضہ دو سو چال ارب روپے تک جا پہنچا

حکومتی دعووں کے برعکس دس ماہ کے دوران نئے گردشی قرضے کا حجم بڑھ کر دو سو چال ارب ہو گیا

مہنگے پاور پرچیز ایگریمنٹس اور کمپنیوں کی ناقص کارکردگی کے باعث بجلی کا شعبہ شدید ترین مالی بحران کا شکار ہے

فنانس ایڈجسٹمنٹ کے ذریعے عارضی طور پر قرضہ دبانے کی حکمت عملی ملکی معیشت کے لیے نیا بڑا چیلنج بن گئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاور سیکٹر میں گردشی قرضہ کم ہونے سے متعلق حکومتی دعوے پر سوالات اٹھ گئے ہیں۔ اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈویلپمنٹ تھنک ٹینک کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ کم ہونے کے بجائے مزید سنگین صورت اختیار کر گیا ہے، جبکہ ری فنانسنگ اور ری سائیکلنگ کے ذریعے قرضے کی نوعیت تو تبدیل کی گئی، تاہم اس میں حقیقی کمی نہیں آ سکی۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026ء کے ابتدائی دس ماہ کے دوران نئے گردشی قرضے کا حجم 18 ارب روپے سے بڑھ کر 240 ارب روپے تک جا پہنچا، جو پاور سیکٹر کی مالی صورتحال میں مسلسل بگاڑ کی نشاندہی کرتا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگرچہ حکومتی اداروں نے پاور سیکٹر کے مجموعی گردشی قرضے کے حجم میں 23 فیصد کمی کا دعویٰ کیا ہے، لیکن اسی عرصے کے دوران نئے گردشی قرضے میں غیر معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس سے واضح ہوتا ہے کہ بنیاد (بقیہ نمبر 8)

فیلڈ مارشل عاصم منیر آخری رسومات میں شرکت کیلئے تہران پہنچ گئے

تہران (نیوز ڈیسک) فیلڈ مار (بقیہ نمبر 3)

ساہیوال میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے ڈنڈے مار کر بیوی قتل کر دی

پولیس نے مقتولہ کے بھائی منیر خان کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی

ساہیوال (نیوز ڈیسک) گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بے رحمی سے اپنی بیوی کو سر میں ڈنڈے مار کر قتل کر دیا۔ ساہیوال کے نواحی گاؤں میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بے رحمی سے اپنی بیوی کو سر میں ڈنڈے مار کر قتل کر دیا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی (بقیہ نمبر 4)

آن لائن حج رجسٹریشن نظام کو ریکارڈ پذیرائی

وزارت مذہبی امور کے ڈیجیٹل نظام کے تحت دو لاکھ عازمین رجسٹرڈ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) آن لائن حج رجسٹریشن نظام میں 11 دنوں کے دوران ہی 2 لاکھ سے زائد عازمین نے گھر بیٹھے کامیابی سے اپنا رجسٹریشن عمل مکمل کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں آن لائن حج رجسٹریشن نظام کو عازمینِ حج کی جانب سے ریکارڈ پذیر (بقیہ نمبر 37)

ژوب بس حادثہ، زخمی مسافر کا چونکا دینے والا انکشاف

ڈرائیور نے مسافر سے جھگڑے کے بعد بس جان بوجھ کر گہری کھائی میں گرائی

ژوب (نیوز ڈیسک) حادثے میں بچ جانے والے ایک زخمی مسافر نے چونکا دینے والا انکشاف کرتے ہوئے کہا ڈرائیور کا سواری سے جھگڑا ہوا تھا اس نے جان بوجھ کر بس کھائی میں گرائی۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع ژوب کے علاقے داناسر کے مقام پر کوئٹہ سے پشاور (بقیہ نمبر 5)

اضافی ٹول ٹیکس وصولی کا نوٹیفکیشن معطل

اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہریوں کو بڑا عبوری ریلیف فراہم کر دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): عدالت نے نان ایم ٹیگ اور کم بیلنس والے ایم ٹیگ پر 50 فیصد اضافی ٹول ٹیکس وصول کرنے کا نوٹیفکیشن آئندہ سماعت تک معطل کر دیا ہے۔ اسلام آبا (بقیہ نمبر 6)

فیلڈ مارشل کی ایرانی وزیر خارجہ سے ملاقات

ملاقات میں شہید آیت اللہ خامنہ ای کی ایران کے لیے خدمات پر گہرے احترام اور تعزیت کا اظہار کیا گیا اور دونوں ممالک کے تعلقات پر بات ہوئی ہے

تہران میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی جس میں شہید سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کو خراج عقیدت پیش کیا گیا

تہران (نیوز ڈیسک) فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات ہوئی ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق فیلڈ مارشل اور ایرانی وزیر خارجہ کی ملاقات میں شہید سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی ایران کے لیے خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا گیا ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، شہید آیت اللہ خامنہ ای کی آخری رسومات کے لیے تہران میں موجود ہیں۔ اس سے قبل وزیراعظم شہباز شریف اور عاصم منیر نے تہران میں شہید ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے تعزیتی اجتماع میں شرکت کی اور شہید آیت اللہ علی خامنہ ای کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف، عاصم منیر اور وفد کے ارکان نے فاتحہ خوانی بھی کی۔ وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور وفد کے ارکان نے ایرانی صدر اور دیگر عہدیداروں سے تعزیت کی۔ وفد میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ، چیئرمین پاکستان پیپلز (بقیہ نمبر 7)

حکومت تاجر برادری کے مسائل حل کرنے کیلئے سنجیدہ ہے: وزیر خزانہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت ملک کے بڑے چیمبرز آف کامرس میں جا کر تاجروں اور صنعتکاروں کے مسائل سن رہی ہے اور ان کے حل کے لیے بھرپور دلجمعی سے کام کیا (بقیہ نمبر 25)

گل پلازہ چالان دوبارہ ناقص قرار، واپس

سرکاری وکلا نے پولیس تفتیش پر اعتراضات اٹھا کر چالان واپس کر دیا دوبارہ

کراچی (نیوز ڈیسک) سانحہ گل پلازہ کیس میں سرکاری وکلا نے پولیس تفتیش پر پھر سوال اٹھا دیے اور چالان ایک بار پھر واپس کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں گل پلازہ میں پیش آنے والے سانحے کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آئی، جہاں سرکاری وکلا نے پولیس (بقیہ نمبر 9)

لاہور میں 760 ٹیوشن سینٹرز آج سیل ہوں گے

کاہنہ سانحے کے بعد غیر رجسٹرڈ اکیڈمیز کیخلاف کارروائی فوری شروع ہو گئی

لاہور (نیوز ڈیسک) کاہنہ سانحے میں 14 بچوں کی شہادت کے بعد محکمہ تعلیم پنجاب اور مقامی انتظامیہ حرکت میں آ گئی ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق کاہنہ سانحے میں 14 بچوں کی المناک شہادت کے بعد مستقبل میں ان واقعات سے بچنے کے لیے محکمہ تعلیم پنجاب اور مقا (بقیہ نمبر 10)

وینزویلا زلزلہ، ہلاکتیں 2595 تک پہنچ گئیں

ریسکیو کارروائیاں جاری، تعمیر نو کیلئے خصوصی فنڈ بھی قائم کر دیا گیا

کاراکس: (ویب ڈیسک) وینزویلا کی عبوری صدر ڈیلسی روڈریگز نے کہا ہے کہ ملک میں 24 جون کو آنے والے تباہ کن زلزلوں کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 595,2 ہو گئی ہے، جبکہ زخمیوں کی تعداد 12 ہزار 400 (بقیہ نمبر 11)

لیاری پائپ لائن لیکیج، چار یونین کونسلیں متاثر

مرمتی کام جاری، متاثرہ علاقوں میں پانی بحالی اڑتالیس گھنٹوں بعد متوقع

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں 24 انچ قطر کی پائپ لائن میں لیکیج کے بعد پانی کی فراہمی معطل کر دی گئی تاہم کون کون سے علاقے متاثر ہوں گے۔ کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن نے لیاری کی ایک اہم لائن میں لیکیج کے باعث چار یونین کونسلوں میں پانی کی فراہمی عارضی (بقیہ نمبر 12)

ٹرمپ کا پاک بھارت جنگی دعویٰ پھر زیر بحث

11 طیارے گرنے اور جنگ بندی دعوے پر سیاسی ردعمل سامنے آ گیا

واشنگٹن: (ویب ڈیسک) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاک بھارت جنگ میں طیاروں کے گرائے جانے کا ذکر کر کے بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے زخم پھر تازہ کر دیے۔ صدر ٹرمپ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 13)

امریکہ پاکستان کے دفاعی حق کی حمایت

اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ نے افغان سرحدی کشیدگی پر پاکستان کی حمایت کی ہے

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی محکمہ خارجہ نے کہا ہے کہ امریکہ دہشت گرد حملوں کے خلاف پاکستان کے اپنے دفاع کے حق کی حمایت کرتا ہے۔ پاکستان اور پڑوسی ملک افغانستان کے درمیان کشیدگی برقرار ہے اور پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالیہ شدید کشیدگی کا باقاعدہ آغاز 26 فر (بقیہ نمبر 14)

فیصل واوڈا کا اسحاق ڈار استعفیٰ مطالبہ

ریپ الزامات پر سخت ردعمل، حکومت اور نظام پر سنگین تنقید کی گئی

کراچی (نیوز ڈیسک) سینیٹر فیصل واوڈا کا کہنا ہے کہ رضا ڈار پر شرمناک الزام کے بعد اسحاق ڈار کے ساتھ کون پاکستان کے جھنڈے تلے کھڑا ہو سکتا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر سینیٹر فیصل واوڈا نے لکھا کہ اسحاق ڈار نائب وزیراعظم اور ماشا اللہ وزیر خارجہ بھی ہیں (بقیہ نمبر 15)

فرانس میں نوجوان کو 03 ماہ قید

جانوروں سے بدسلوکی پر عدالت نے سزا اور ملک بدری حکم

پیرس (نیوز ڈیسک) جانوروں سے جنسی زیادتی کے الزام میں نوجوان کو 30 ماہ قید، سزا کے بعد ملک بدری کا حکم دیدیا گیا۔ تفصیل کے مطابق فرانس کی ایک عدالت نے 19 سالہ افغان شہری کو بھیڑ اور بکریوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے جرم میں 30 ماہ قید کی سزا سناتے ہوئے سزا مکمل ہونے کے بعد ملک بدر کرنے کا بھی حکم دے دیا۔ فرانسیسی میڈیا کے مطابق یہ واقعات مارسائی کے (بقیہ نمبر 16)

کوئٹہ سے پشاور جانے والی مسافر بس کھائی میں جا گری، 40 افراد جاں بحق

کوئٹہ: (نیوز ڈیسک) خیبر پختونخوا کے علاقے داناسر میں مسافر بس کھائی میں گرنے سے 40 افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہو گئے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق مسافر بس کوئٹہ سے پشاور جا رہی تھی کہ ژوب اور ڈیرہ اسما (بقیہ نمبر 36)

خراٹوں پر طلاق لینے والا جوڑا مشاورت بعد دوبارہ اکٹھا ہو گیا

نئی دہلی (نیوز ڈیسک) بھارتی شہر بھوپال میں ایک انوکھا ازدواجی تنازع اس وقت خوش گوار انجام کو پہنچا جب خراٹوں کی وجہ سے طلاق لینے کا فیصلہ کرنے والا جوڑا مشاورت کے بعد دوبارہ ساتھ رہنے پر آمادہ ہو گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق خاتون نے صلح کروانے والی (بقیہ نمبر 35)

غیر ملکی خواتین زیادتی کیس، گرفتار ملزمان پانچ روزہ جسمانی ریمانڈ پر منتقل

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور میں غیر ملکی خواتین سے زیادتی کے الزام میں گرفتار ملزمان کو 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ نجی ٹی وی چینل اے آر وائی نیوز کے مطابق غیر ملکی خواتین سے زیادتی کے معاملے میں گرفتار ملزمان کو جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت (بقیہ نمبر 34)

برطانوی ریئلٹی شو کا کنٹیسٹنٹ جنسی بدسلوکی الزام میں گرفتار

لندن (نیوز ڈیسک) برطانیہ کے مقبول ریئلٹی شو "میریڈ ایٹ فرسٹ سائٹ یو کے" میں شریک ایک اداکار کو شو کے دوران ہی خواتین شرکا کے ساتھ مبینہ جنسی زیادتی اور جنسی بدسلوکی کے الزام میں حراست میں لے لیا۔ نجی ٹی وی چینل "ایکسپریس نیوز" کے مطابق یہ پیش (بقیہ نمبر 33)

حکومت آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے مفادات کا تحفظ کر رہی ہے: حافظ نعیم

عالمی منڈی میں خام تیل سستا ہونے کے باوجود عوام کو ریلیف فراہم نہ کرنے پر حکومت پر کڑی تنقید

امیر جماعت اسلامی نے پیٹرولیم لیوی کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے قیمتیں اٹھائیس فروری کی سطح پر لانے کا مطالبہ کیا

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں جنگ سے پہلے کی سطح پر واپس آ چکی ہیں، اس لیے پاکستان میں بھی پیٹرول کی قیمت کم کر کے 225 روپے فی لیٹر کی جائے۔ اپنے بیان میں حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ عالمی سطح پر تیل سستا ہونے کے باوجود پاکستان میں عوام کو اب بھی مہنگا فیول فراہم کیا جا رہا ہے، جس کا براہ راست بوجھ عام شہریوں پر پڑ (بقیہ نمبر 32)

ناظم آباد بس ریسنگ حادثہ، خاتون جاں بحق

تیز رفتار منی بسوں کی ٹکر سے موٹر سائیکل خاتون موقع پر جاں بحق

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد کے علاقے ناظم آباد فلائی اوور انکوائری آفس کے قریب ریس لگاتی منی بسوں نے موٹر سائیکل پر سوار خاتون کی جان لے جبکہ ایک شخص زخمی ہو گیا۔ نجی ٹی وی چینل "ایکسپریس نیوز" کے مطابق شہر قائد کے ضلع وسطی کے علاقے ناظم آباد فلائی اوور (بقیہ نمبر 31)

سندھ ہائیکورٹ نے سابقہ منگیتر کے اغوا اور زیادتی ملزم کی ضمانت منظور کر لی

کراچی (نیوز ڈیسک) عدالت نے سابقہ منگیتر کو اغواء اور ساتھیوں کے ساتھ اجتماعی زیادتی کے ملزم کو ضمانت دے دی۔ نجی ٹی وی چینل "ایکسپریس نیوز" کے مطابق سندھ ہائیکورٹ میں اغواء اور ریپ کے مقدمے میں نامزد ملزم عدنان کی بعد از گرفتاری درخواست ضمانت (بقیہ نمبر 30)

امریکہ پاکستان بھارت ثالثی دعوے، ٹریک ٹو سرگرمی زیر بحث

صحافی کے مطابق غیر رسمی سفارتی چینلز کے ذریعے مذاکرات جاری ہیں

کراچی (نیوز ڈیسک) صحافی طلعت حسین نے دعویٰ کیا ہے کہ ثالثی میں امریکہ کے کو نمائندگان شامل ہیں، پاکستان، امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کر رہا ہے، اسی امریکی ٹیم (بقیہ نمبر 29)

تنویر الیاس کی پریس کانفرنس، آزاد کشمیر حکومت کی پالیسیوں پر شدید تنقید

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سابق وزیراعظم آزاد کشمیر تنویر الیاس نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں قابض 9 لاکھ بھارتی فوج کے سامنے ڈٹنے والے کشمیریوں کا دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتا ہے، اگر کوئی پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھے گا تو اسے کشمیریوں کی لاشوں سے گزرنا ہوگا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا آزاد کشمیر میں 53 ارکان کا ایوان ہے، جہاں گزشتہ برس پیپلز پارٹی کے 13 ارکان (بقیہ نمبر 28)

سوات دو لاپتہ بھائی صندوق سے مردہ ملے

تین روز قبل لاپتہ بچے گھر کی چھت صندوق سے مردہ ملے

سوات (نیوز ڈیسک) تیرنگ شموزی سے لاپتہ 2 بچوں کی لاشیں گھر کی چھت پر موجود صندوق سے مل گئیں، جاں بحق دونوں بچے بھائی تھے۔ نجی ٹی وی چینل "اے آر وائی نیوز" کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع سوات کے علاقے تیرنگ شموزی میں ایک انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعہ سامنے آیا، جہاں 3 دن قبل پراسرار طور پر لاپتہ ہونے والے 2 سگے بھائیوں کی لاشیں اپنے ہی گھر کی (بقیہ نمبر 27)

کسی بھی جارحیت کا فوری و سخت ترین جواب دیا جائیگا: ایرانی وارننگ

ایرانی کمانڈر نے دشمنوں کو جوابی کارروائی سے ڈراتے ہوئے کسی بھی غلط اندازے سے باز رہنے کا انتباہ جاری کیا

سابق سپریم لیڈر کی آخری رسومات کے سلسلے میں ملک بھر کی فضائی حدود پر عارضی پابندیاں عائد کر دی گئیں

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے امریکا اور اسرائیل کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئی بھی کسی بھی ممکنہ حملے یا جارحیت کی صورت میں فوری اور شدید ردعمل دیا جائے گا۔ یہ وارننگ ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایران میں سابق سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی آخری رسومات کی تیاریوں کے سلسلے میں سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ ایران کے خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈکوارٹر کے کمانڈر علی عبداللہی (بقیہ نمبر 26)

وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کی صدارت میں اہم اجلاس

وزیر مملکت نے بجلی، ریلوے اور تکنیکی رکاوٹیں دور کرنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اہم احکامات جاری کر دیے

اجلاس میں دور ریلوے کراسنگز کی توسیع اور بجلی کے کھمبوں کی منتقلی کے عمل کو حتمی شکل دے دی گئی

جہلم (نیوز ڈیسک) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ جہلم ڈویژنل کیریج وے منصوبے پر گزشتہ ہفتے کیے گئے فیصلوں کے تسلسل میں ایک فالو اپ اجلاس ہوا، جس میں منصوبے کو درپیش مختلف تکنیکی اور انتظامی امور کے حل کے لیے اہم ہدایات جاری کی گئیں۔ وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے "ایکس" پر جاری اپنے بیان میں بتایا کہ اجلاس میں بجلی اور ریلوے سے متعلق معاملات، ادارہ جاتی تعاون اور منصوبے کی راہ میں حائل (بقیہ نمبر 20)

جوہری تنصیبات کے معائنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائیگی: باقر قالیباف

ایرانی سپیکر نے بمباری سے متاثرہ جوہری تنصیبات کا معائنہ کرنے کی اجازت دینے سے صاف انکار کر دیا

قائم مقام وزیر دفاع کا اعلان، میزائل اور ڈرون پروگرام ملکی سلامتی کے لیے اہم ترین سرخ لکیر ہیں

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے دوٹوک موقف اپناتے ہوئے کہا ہے کہ بمباری سے متاثرہ ایرانی جوہری تنصیبات کے معائنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، ملک کی فوجی صلاحیتیں ایک سرخ لکیر ہیں اور امریکا کے ساتھ مذاکرات کے دوران ان پر کسی قسم کی بات چیت نہیں کی جائے گی۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کے پارلیمنٹ اسپیکر اور مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ جن ایرانی (بقیہ نمبر 19)

ایران: خامنہ ای جنازے پر حملہ تنبیہ

خاتم الانبیا بریگیڈ نے اسرائیل اور امریکہ کو سخت ردعمل کی وارننگ دی

تہران: (ویب ڈیسک) ایران کے خاتم الانبیا بریگیڈ نے خبردار کیا ہے کہ اسرائیل یا امریکہ نے شہید سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کے جنازے کے دوران حملہ کیا تو ایرانی جواب نہایت سخت ہوگا۔ خاتم الانبیا بریگیڈ نے اپنے بیان میں کہا کہ مخالفین شہید سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ (بقیہ نمبر 18)

لاہور میں جعلی سرکاری نمبر پلیٹ پر آن لائن ٹیکسی چلانے والا ملزم روحیل گرفتار

لاہور (نیوز ڈیسک) جعلی سرکاری نمبر پلیٹ لگا کر آن لائن ٹیکسی چلانے والے ملزم کو لاہور پولیس نے گرفتار کر لیا۔ نجی ٹی وی چینل "ایکسپریس نیوز" کے مطابق لاہور کے علاقے گلبرگ میں پولیس نے پرائیویٹ گاڑی پر غیر قانونی طور پر گرین نمبر پلیٹس لگا کر آن لائن ٹیکسی چلانے والے ملزم کو پکڑ لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کی شناخت روحیل کے نام سے ہوئی، جو گاڑی میں سبز سرکاری نمبر پلیٹ لگا کر اس کو آن لائن ٹیکسی کیلیے استعمال کر رہا تھا۔ ڈی ایس پی ٹریفک محمد عمر نے کہا کہ ملزم کے خلاف تھانہ گلبر (بقیہ نمبر 17)

علم و تحقیق کا درخشاں مینار: پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول



کراچی سے معروف محقق، نقاد اور مبصر و تجزیہ کار، پروفیسر سید محمد اصغر کاظمی کے تاثرات درحقیقت ان کی قلبی محبت اور ادب شناسی کے عکاس ہیں۔ پروفیسر سید محمد اصغر کاظمی کی عمیق نظری، فکر و فن سے روحانی وابستگی ان کی شخصیت اور فنی سفر کی ترجمانی کرتی ہے۔ راقم کی شخصیت اور فکر و فن کے حوالے سے ان کی درج ذیل تحریر، دل کش اسلوب کی حامل ہے، کاظمی صاحب کے خصوصی شکریے کے ساتھ قارئین ادب کی خدمت میں، اسے پیش کیا جارہا ہے، ملاحظہ فرمائیں: بعض شخصیات زمانے کے افق پر محض اپنی موجودگی کا احساس نہیں دلاتیں بلکہ اپنے علم، کردار، فکر و ادراک اور بے مثال خدمات کے ذریعے ایک عہد کی تشکیل کرتی ہیں۔ وہ خود ایک ادارہ، ایک روایت اور ایک زندہ علمی سرمایہ بن جاتی ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول بھی انہی نابغۂ عصر اہلِ علم میں شامل ہیں جن کی شخصیت تحقیق، تنقید، تخلیق، تدریس اور تربیتِ نسلِ نو کے روشن اوصاف کا حسین امتزاج ہے۔ ان کی علمی قامت کا احاطہ ایک مضمون میں ممکن نہیں، کیونکہ بعض شخصیات کا تعارف الفاظ سے نہیں بلکہ ان کے اثرات سے ہوتا ہے۔ چند روز قبل جب یہ معلوم ہوا کہ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول کی علمی و ادبی خدمات پر درجن بھر سے زائد ایم فل اور پی ایس ایچ ڈی کے تحقیقی مقالات مکمل ہو چکے ہیں تو دلی خوشی، فخر اور مسرت سے لبریز ہو گیا۔ یہ حقیقت اس امر کا واضح اعتراف ہے کہ ان کے افکار اور علمی خدمات محض مطالعے تک محدود نہیں رہیں بلکہ جامعات میں باقاعدہ تحقیق کا موضوع بن چکی ہیں۔ کسی صاحبِ علم کے لیے اس سے بڑا اعزاز اور کیا ہو سکتا ہے کہ آنے والی نسلیں اس کے علمی نقوش کو اپنی تحقیقی کاوشوں کی بنیاد بنائیں۔ اس سے بھی زیادہ باعثِ تحسین حقیقت یہ ہے کہ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول کی زیرِ نگرانی پنجاب کی مختلف جامعات سے درجن بھر سے زائد ایم فل کے مقالات پایۂ تکمیل کو پہنچ چکے ہیں۔ یہ صرف ایک عددی کامیابی نہیں بلکہ ایک ایسے معلم کی علمی بصیرت، تحقیقی دیانت اور فکری بالیدگی کا روشن استعارہ ہے جو اپنے شاگردوں کو صرف سند نہیں بلکہ شعور، بصیرت اور تحقیق کا سلیقہ عطا کرتا ہے۔ اکثر یہ سوال ذہن میں ابھرتا ہے کہ ایک ایسی شخصیت، جو تدریس، تصنیف و تالیف، تحقیق، تنقید، ادبی مجالس، علمی سرگرمیوں اور سماجی ذمہ داریوں میں یکساں طور پر فعال ہو، وہ اتنی بڑی تعداد میں محققین کی رہنمائی کے لیے وقت کیسے نکال لیتی ہے؟ پھر دل یہی گواہی دیتا ہے کہ یہ محض وقت کی تنظیم نہیں بلکہ اخلاص، علم سے عشق اور خدمتِ خلق کا وہ فیض ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے منتخب بندوں کو عطا فرماتا ہے۔ یہ حقیقت بھی غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے کہ کسی عالم کی اصل عظمت اس کی کتابوں کی تعداد سے نہیں بلکہ اس کے علمی اثرات سے متعین ہوتی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول خوش نصیب ہیں کہ ان کی تصانیف بھی تحقیق کا موضوع بنیں اور ان کے شاگرد بھی تحقیق کی دنیا میں وقار کے ساتھ اپنا مقام بنا رہے ہیں۔ گویا وہ خود بھی علم کی شمع ہیں اور اپنے شاگردوں کے ذریعے بے شمار چراغ بھی روشن کر رہے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول کا وجود اس درخشاں علمی روایت کا تسلسل ہے جس میں علم کو عبادت، تحقیق کو امانت اور تدریس کو خدمت سمجھا جاتا ہے۔ وہ ان اساتذۂ کرام میں سے ہیں جن کی رہنمائی صرف مقالہ مکمل کروانے تک محدود نہیں رہتی بلکہ شخصیت سازی، فکری تربیت اور تحقیقی کردار کی تعمیر تک محیط ہوتی ہے۔ ان کی ذات تحقیق کی وادی میں سفر کرنے والوں کے لیے مینارۂ نور کی حیثیت رکھتی ہے، جب کہ ان کا فیض ایک ایسی شفاف، شیریں اور رواں ندی کی مانند ہے جس سے ہر تشنۂ علم اپنی پیاس بجھاتا ہے۔ آج جبکہ علمی دنیا میں خلوص، وسعتِ مطالعہ، تحقیقی دیانت اور استاد و شاگرد کے مقدس رشتے کی قدریں کم ہوتی محسوس ہو رہی ہیں، ایسے میں پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول جیسی شخصیات امید، اعتماد اور وقار کی روشن علامت بن کر سامنے آتی ہیں۔ ان کی زندگی اس حقیقت کا بین ثبوت ہے کہ اخلاص سے حاصل کیا گیا علم صرف کتابوں کی زینت نہیں بنتا بلکہ نسلوں کی فکری تعمیر اور تہذیبی ارتقا کا وسیلہ بن جاتا ہے۔ مجھے اس بات پر دلی مسرت اور بجا فخر ہے کہ میری نسبت ایک ایسی باوقار علمی و ادبی شخصیت سے ہے جس نے اپنے علم و قلم کے ذریعے نہ صرف اردو ادب کو ثروت مند بنایا بلکہ بے شمار نوجوان محققین کے ہاتھوں میں تحقیق کا چراغ بھی تھما دیا۔ یہ ایک ایسی خدمت ہے جو زمانوں تک زندہ رہتی ہے اور اہلِ علم کے دلوں میں احترام کے ساتھ یاد کی جاتی ہے۔ میں دل کی گہرائیوں سے پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول کو ان بے مثال علمی، تحقیقی، تدریسی اور ادبی خدمات پر ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحتِ کاملہ، عمرِ خضر، مزید علمی رفعت، فکری تازگی، قلم میں مزید تاثیر اور خدمتِ علم کی نئی نئی توفیقات سے نوازے۔ ان کی تمام کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور ان کے فیضانِ علم کو آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بنائے۔ آمین۔ بلاشبہ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول ان خوش نصیب اہلِ علم میں شمار ہوتے ہیں جن کی شخصیت محض ایک فرد نہیں بلکہ ایک زندہ درسگاہ، ایک معتبر علمی روایت اور علم و ادب کی ایک تابندہ تاریخ کا عنوان ہے۔

نوید اسلم: سرحدوں سے بلند انسانیت کا سفیر

کبھی کبھی ایک لمحہ پوری زندگی کا تعارف بن جاتا ہے۔ نہ کوئی انتخابی مہم، نہ کوئی سرکاری عہدہ، نہ دولت کی چمک اور نہ شہرت کی خواہش؛ صرف ایک فیصلہ، جو انسان اپنی جان کی پروا کیے بغیر دوسروں کی جان بچانے کے لیے کرتا ہے۔ ایسے ہی فیصلے تاریخ کے صفحات پر عام انسانوں کو غیر معمولی بنا دیتے ہیں۔ اٹلی کے شہر بریشا میں پاکستانی نوجوان نوید اسلم نے یہی فیصلہ کیا، اور اس ایک لمحے نے نہ صرف بچوں کی زندگیاں محفوظ بنائیں بلکہ پاکستان کے نام کو بھی عزت، وقار اور انسان دوستی کی ایک نئی مثال عطا کر دی۔ دنیا بھر میں جب بھی کسی ملک کا نام لیا جاتا ہے تو اس کے سفارت خانے، سیاست دان یا حکمران ہی اس کی شناخت نہیں بنتے، بلکہ وہ عام شہری بھی اس ملک کے غیر سرکاری سفیر ہوتے ہیں جو اپنے کردار، اخلاق اور عمل سے پوری قوم کی نمائندگی کرتے ہیں۔ نوید اسلم نے کسی تقریر سے نہیں، بلکہ اپنی جرات سے دنیا کو بتایا کہ پاکستانی صرف اپنے وطن ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کے خیر خواہ ہیں۔ اٹلی کے شہر بریشا کے البیرینی پارک میں پیش آنے والا واقعہ ایک عام حادثہ نہیں تھا۔ پارک میں خواتین اور بچے موجود تھے کہ اچانک ایک حملہ آور نے خوف و ہراس پھیلا دیا۔ ایسے نازک لمحات میں اکثر لوگ اپنی جان بچانے کے لیے پیچھے ہٹ جاتے ہیں، مگر نوید اسلم آگے بڑھے۔ انہوں نے اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر حملہ آور کو قابو کیا اور ممکنہ طور پر ایک بڑے سانحے کو روک دیا۔ یہ وہ جرات تھی جس کی تعریف صرف پاکستانیوں نے نہیں بلکہ اطالوی معاشرے نے بھی کی۔ اسی لیے بریشا کی میئر لورا کاسٹیلیتی نے نوید اسلم کے اعزاز میں خصوصی تقریب منعقد کی، انہیں یادگاری شیلڈ پیش کی اور انہیں "ہیرو آف بریشا" قرار دیا۔ کسی دوسرے ملک کی منتخب میئر کا ایک پاکستانی کو یہ اعزاز دینا معمولی بات نہیں بلکہ یہ اس کردار کی عالمی سطح پر پذیرائی ہے جو قوموں کے درمیان احترام کے پل تعمیر کرتا ہے۔ میئر لورا کاسٹیلیتی کے یہ الفاظ کہ "میں نوید اسلم کی بہادری، جرات اور انسان دوستی پر خراج تحسین پیش کرتی ہوں" دراصل صرف ایک فرد کی تعریف نہیں بلکہ ان اقدار کا اعتراف ہے جن کی بنیاد پر ایک مہذب معاشرہ قائم ہوتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ نوید اسلم نے ثابت کیا کہ اطالوی کمیونٹی بیدار اور انسان دوست ہے جو ہر مشکل میں ایک دوسرے کا ساتھ دیتی ہے۔ یہ بیان اس حقیقت کی بھی عکاسی کرتا ہے کہ ایک سچا انسان سرحدوں سے بڑا ہوتا ہے۔ تقریب میں جب میئر اور نوید اسلم ایک ساتھ ہال میں داخل ہوئے اور حاضرین نے کھڑے ہو کر ان کا استقبال کیا تو یہ منظر کسی فلمی کہانی سے کم نہ تھا۔ اس استقبال میں صرف تالیاں نہیں بج رہی تھیں بلکہ انسانیت، جرات اور ایثار کو سلام پیش کیا جا رہا تھا۔ اس تقریب میں کونسلرز، وکلا، صحافی، تاجر، پاکستانی کمیونٹی اور نوید اسلم کے اہل خانہ کی موجودگی اس اعزاز کی اہمیت کو مزید بڑھا رہی تھی۔ پاکستان کے بارے میں عالمی میڈیا میں اکثر منفی خبریں زیادہ جگہ پاتی ہیں، لیکن ایسے واقعات دنیا کو یہ بھی یاد دلاتے ہیں کہ پاکستان صرف مشکلات کا نام نہیں بلکہ ایسے باکردار انسانوں کی سرزمین بھی ہے جو ضرورت پڑنے پر اپنی جان خطرے میں ڈالنے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ نوید اسلم نے نہ صرف بچوں کی جانیں بچائیں بلکہ پاکستان کے مثبت تشخص کو بھی مضبوط کیا۔ تاریخ گواہ ہے کہ کسی قوم کی اصل پہچان اس کے کردار سے بنتی ہے۔ ایدھی جیسے عظیم انسان نے دنیا کو خدمت کا سبق دیا، عبدالستار ایدھی نے انسانیت کو مذہب، نسل اور رنگ سے بالاتر ہو کر دیکھا، اور آج بیرونِ ملک رہنے والے بے شمار پاکستانی بھی اپنی محنت، دیانت اور بہادری سے اسی روایت کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ نوید اسلم اسی روشن سلسلے کی ایک قابلِ فخر کڑی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانی صرف ترسیلاتِ زر ہی نہیں بھیجتے بلکہ وہ اپنے اخلاق، قانون کی پاسداری اور مثبت کردار کے ذریعے پاکستان کی نرم قوت (Soft Power) کو بھی مضبوط کرتے ہیں۔ جب کوئی پاکستانی کسی دوسرے ملک میں انسانیت کی خدمت کرتا ہے تو اس کا فائدہ پورے پاکستان کی ساکھ کو پہنچتا ہے۔ یہ بھی قابلِ توجہ ہے کہ نوید اسلم نے جو کچھ کیا، وہ کسی انعام یا شہرت کی خاطر نہیں کیا۔ حقیقی بہادری ہمیشہ اچانک آنے والے خطرے کے سامنے اپنا امتحان دیتی ہے۔ اگر وہ بھی دوسرے لوگوں کی طرح خاموش رہتے تو شاید آج صورت حال مختلف ہوتی۔ مگر انہوں نے ثابت کیا کہ بہادری کا تعلق جسمانی طاقت سے کم اور مضبوط ارادے سے زیادہ ہوتا ہے۔ حکومتِ پاکستان اور متعلقہ اداروں کو بھی ایسے افراد کی سرکاری سطح پر حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ قومی اعزازات صرف اعلیٰ عہدوں پر بیٹھے لوگوں کے لیے نہیں بلکہ ان گمنام ہیروز کے لیے بھی ہونے چاہییں جو اپنے عمل سے پاکستان کا سر فخر سے بلند کرتے ہیں۔ اس واقعے میں ایک اور سبق بھی پوشیدہ ہے۔ دنیا کو امن، برداشت اور انسان دوستی کی ضرورت ہے۔ دہشت، نفرت اور تشدد کے مقابلے میں صرف ایسے ہی کردار کامیاب ہو سکتے ہیں جو خوف کے بجائے ذمہ داری کا راستہ اختیار کریں۔ نوید اسلم نے یہی راستہ اختیار کیا اور ایک زندہ مثال بن گئے۔ آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ نوید اسلم نے صرف چند بچوں کو نہیں بچایا بلکہ انہوں نے یہ ثابت کیا کہ قوموں کی اصل عظمت ان کے کردار میں ہوتی ہے، ان کے نعروں میں نہیں۔ اٹلی کے شہر بریشا میں ایک پاکستانی نے انسانیت کی حفاظت کی، اور اس کے بدلے میں دنیا نے اسے "ہیرو آف بریشا" کہہ کر پکارا۔ یہ اعزاز صرف نوید اسلم کا نہیں، بلکہ ہر اس پاکستانی کا اعزاز ہے جو جہاں بھی ہو، اپنے کردار سے پاکستان کے سبز ہلالی پرچم کی عزت میں اضافہ کرتا ہے۔ ایسے لوگ واقعی کسی قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، کیونکہ وہ ہمیں یہ یقین دلاتے ہیں کہ بہادری کی کوئی زبان، کوئی نسل اور کوئی سرحد نہیں ہوتی؛ اس کی صرف ایک شناخت ہوتی ہے، اور وہ ہے انسانیت۔

چڑھت سنگھ

چڑھت سنگھ برصغیر کی دیہی تہذیب کا وہ کردار ہے جو محض ایک فرد نہیں بلکہ ایک پورے عہد، ایک مخصوص مزاج اور ایک سماجی رویے کی علامت بن کر سامنے آتا ہے۔ پنجاب کی سرسبز زمین، کھلے دل کے لوگ، روایتی غیرت، بے ساختہ بذلہ سنجی اور دیہاتی دانش کو اگر کسی ایک کردار میں سمیٹنا ہو تو چڑھت سنگھ کا نام ذہن میں ابھرتا ہے۔ ایسے کردار وقت کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں اور وقت ہی کے ساتھ تاریخ کا حصہ بن جاتے ہیں، مگر ان کی یادیں اور ان کے قصے نسلوں تک زندہ رہتے ہیں۔ چڑھت سنگھ کی شخصیت میں ایک عجیب امتزاج تھا۔ وہ بظاہر ایک عام دیہاتی شخص دکھائی دیتا تھا، مگر اس کی گفتگو میں ایسی حکمت پوشیدہ ہوتی تھی جو بڑے بڑے پڑھے لکھے لوگوں کو سوچنے پر مجبور کر دیتی تھی۔ اس کی زندگی سادگی کی تصویر تھی، لیکن اس کی سوچ میں گہرائی تھی۔ وہ کتابوں کا عالم نہ تھا، مگر زندگی کا فلسفہ جانتا تھا۔ اس نے درس گاہوں میں تعلیم حاصل نہیں کی تھی، مگر زمانے کے نشیب و فراز نے اسے ایسا تجربہ عطا کیا تھا جو کسی یونیورسٹی کی ڈگری سے کم نہ تھا۔ دیہی معاشرے میں ایسے لوگ ہمیشہ مرکزِ توجہ ہوتے ہیں جو اپنی حاضر جوابی، انصاف پسندی اور بے لوث خدمت کی وجہ سے دوسروں کے دلوں میں جگہ بنا لیتے ہیں۔ چڑھت سنگھ بھی انہی لوگوں میں شامل تھا۔ گاؤں میں کسی کا جھگڑا ہوتا، زمین کا تنازع کھڑا ہوتا یا خاندانوں کے درمیان اختلاف پیدا ہوتا تو لوگ عدالتوں سے پہلے اس کے پاس پہنچتے۔ اس کا فیصلہ اکثر سب کو قبول ہوتا کیونکہ لوگ جانتے تھے کہ وہ کسی لالچ یا دباؤ کے بغیر انصاف کی بات کرے گا۔ چڑھت سنگھ کی ایک اور خوبی اس کی بے باکی تھی۔ وہ حق بات کہنے سے کبھی نہیں گھبراتا تھا۔ خواہ سامنے کوئی بڑا زمیندار ہو، بااثر سیاست دان ہو یا کسی سرکاری محکمے کا افسر، اگر اسے کوئی غلطی نظر آتی تو وہ دوٹوک انداز میں اس کی نشاندہی کرتا۔ یہی وجہ تھی کہ کچھ لوگ اس سے خائف بھی رہتے تھے، مگر دل ہی دل میں اس کی عزت بھی کرتے تھے۔ سچ بولنے والے لوگوں کی مخالفت تو ہر دور میں ہوئی ہے، لیکن تاریخ نے ہمیشہ انہی کو یاد رکھا ہے۔ پنجاب کی ثقافت میں مہمان نوازی کو بڑی اہمیت حاصل ہے، اور چڑھت سنگھ اس روایت کا بہترین نمائندہ تھا۔ اس کے دروازے پر آنے والا کوئی شخص خالی ہاتھ یا خالی پیٹ واپس نہیں جاتا تھا۔ وہ دولت مند نہیں تھا، مگر دل کا امیر تھا۔ اس کا یقین تھا کہ رزق بانٹنے سے کم نہیں ہوتا بلکہ برکت بڑھتی ہے۔ آج جب مادہ پرستی نے معاشرتی اقدار کو کمزور کر دیا ہے، ایسے کردار ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ اصل دولت انسانیت، محبت اور اخلاص ہے۔ چڑھت سنگھ کی زندگی کا ایک اہم پہلو اس کی مزاحیہ طبیعت بھی تھی۔ وہ مشکل سے مشکل حالات میں بھی کوئی نہ کوئی ایسی بات کہہ دیتا کہ محفل قہقہوں سے گونج اٹھتی۔ اس کا مزاح کسی کی تضحیک کے لیے نہیں بلکہ دلوں کو قریب لانے کے لیے ہوتا تھا۔ یہی وہ خوبی تھی جو اسے دوسروں سے ممتاز بناتی تھی۔ آج کے دور میں طنز اور تمسخر کو مزاح سمجھ لیا گیا ہے، جبکہ چڑھت سنگھ کا انداز اس سے بالکل مختلف تھا۔ وہ ہنساتا بھی تھا اور سوچنے پر بھی مجبور کرتا تھا۔ وقت کے ساتھ دیہات بدل گئے، کھیتوں کی جگہ ہاؤسنگ سوسائٹیاں بنتی گئیں، پرانی بیٹھکیں ختم ہو گئیں، بزرگوں کی مجلسیں ویران ہو گئیں اور موبائل فون نے انسانوں کے درمیان فاصلے بڑھا دیے۔ ایسے میں چڑھت سنگھ جیسے کردار بھی رفتہ رفتہ قصوں اور یادوں کا حصہ بنتے جا رہے ہیں۔ نئی نسل شاید ان لوگوں کو صرف کہانیوں میں پڑھے، مگر حقیقت یہ ہے کہ انہی کرداروں نے ہمارے معاشرے کی بنیادوں کو مضبوط رکھا تھا۔ آج جب معاشرہ بے اعتمادی، خود غرضی اور مفاد پرستی کے بحران سے گزر رہا ہے، ہمیں چڑھت سنگھ جیسے کرداروں کی اشد ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ ایسے لوگ جو سچ بولنے کا حوصلہ رکھتے ہوں، دوسروں کے دکھ درد کو اپنا سمجھتے ہوں، انصاف کو ذاتی مفاد پر ترجیح دیتے ہوں اور اپنی روایات سے محبت کرتے ہوں۔ قومیں صرف ترقی یافتہ عمارتوں یا جدید ٹیکنالوجی سے عظیم نہیں بنتیں بلکہ ان کے کردار، اقدار اور اخلاقی سرمایہ ہی ان کی اصل طاقت ہوتے ہیں۔ چڑھت سنگھ کا ذکر دراصل ایک ایسے معاشرتی رویے کا ذکر ہے جو محبت، خلوص، غیرت، دیانت اور انسان دوستی پر قائم تھا۔ اگر ہم واقعی ایک بہتر معاشرہ چاہتے ہیں تو ہمیں اپنے اردگرد ایسے کردار پیدا کرنے ہوں گے جو دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کریں، اختلافات کو ختم کریں اور اپنی ذات سے بڑھ کر اجتماعی بھلائی کو اہمیت دیں۔ یہی وہ سبق ہے جو چڑھت سنگھ کی زندگی ہمیں دیتا ہے، اور یہی وہ پیغام ہے جو آج بھی اتنا ہی اہم ہے جتنا کئی دہائیاں پہلے تھا۔

معذرت صرف لفظ نہیں، رویّے کی تبدیلی کا نام ہے

سب سے اعلیٰ معذرت یہ ہے کہ اپنا رویّہ تبدیل کر لیں۔" زندگی میں ہر انسان سے غلطیاں ہوتی ہیں۔ بعض غلطیاں الفاظ سے جنم لیتی ہیں اور بعض رویّوں سے۔ اکثر لوگ معافی مانگ لیتے ہیں، مگر اپنے انداز، لہجے اور رویّے میں کوئی تبدیلی نہیں لاتے۔ ایسی معذرت وقتی تسلی تو دے سکتی ہے، مگر ٹوٹے ہوئے اعتماد کو بحال نہیں کر سکتی۔ حقیقی معافی وہ نہیں جو صرف زبان سے ادا کی جائے، بلکہ وہ ہے جو کردار میں نظر آئے۔ اگر کسی کی دل آزاری ہمارے سخت لہجے، بے اعتنائی یا نامناسب رویّے سے ہوئی ہے تو سب سے بڑی معذرت یہی ہے کہ آئندہ ہم اپنا رویّہ بہتر بنا لیں۔ یہی تبدیلی دوسروں کے دلوں پر مرہم رکھتی ہے اور رشتوں کو نئی زندگی بخشتی ہے۔ الفاظ بھلائے جا سکتے ہیں، مگر رویّے ہمیشہ یاد رہتے ہیں۔ اسی لیے ایک بدلا ہوا انسان، ہزار بار کہی گئی "معاف کیجیے" سے زیادہ مؤثر ہوتا ہے۔ جب انسان اپنی اصلاح کر لیتا ہے تو اس کی خاموشی بھی معافی بن جاتی ہے اور اس کا کردار دوسروں کے دل جیت لیتا ہے۔ اگر ہم چاہتے چڑھت سنگھ برصغیر کی دیہی تہذیب کا وہ کردار ہے جو محض ایک فرد نہیں بلکہ ایک پورے عہد، ایک مخصوص مزاج اور ایک سماجی رویے کی علامت بن کر سامنے آتا ہے۔ پنجاب کی سرسبز زمین، کھلے دل کے لوگ، روایتی غیرت، بے ساختہ بذلہ سنجی اور دیہاتی دانش کو اگر کسی ایک کردار میں سمیٹنا ہو تو چڑھت سنگھ کا نام ذہن میں ابھرتا ہے۔ ایسے کردار وقت کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں اور وقت ہی کے ساتھ تاریخ کا حصہ بن جاتے ہیں، مگر ان کی یادیں اور ان کے قصے نسلوں تک زندہ رہتے ہیں۔ چڑھت سنگھ کی شخصیت میں ایک عجیب امتزاج تھا۔ وہ بظاہر ایک عام دیہاتی شخص دکھائی دیتا تھا، مگر اس کی گفتگو میں ایسی حکمت پوشیدہ ہوتی تھی جو بڑے بڑے پڑھے لکھے لوگوں کو سوچنے پر مجبور کر دیتی تھی۔ اس کی زندگی سادگی کی تصویر تھی، لیکن اس کی سوچ میں گہرائی تھی۔ وہ کتابوں کا عالم نہ تھا، مگر زندگی کا فلسفہ جانتا تھا۔ اس نے درس گاہوں میں تعلیم حاصل نہیں کی تھی، مگر زمانے کے نشیب و فراز نے اسے ایسا تجربہ عطا کیا تھا جو کسی یونیورسٹی کی ڈگری سے کم نہ تھا۔ دیہی معاشرے میں ایسے لوگ ہمیشہ مرکزِ توجہ ہوتے ہیں جو اپنی حاضر جوابی، انصاف پسندی اور بے لوث خدمت کی وجہ سے دوسروں کے دلوں میں جگہ بنا لیتے ہیں۔ چڑھت سنگھ بھی انہی لوگوں میں شامل تھا۔ گاؤں میں کسی کا جھگڑا ہوتا، زمین کا تنازع کھڑا ہوتا یا خاندانوں کے درمیان اختلاف پیدا ہوتا تو لوگ عدالتوں سے پہلے اس کے پاس پہنچتے۔ اس کا فیصلہ اکثر سب کو قبول ہوتا کیونکہ لوگ جانتے تھے کہ وہ کسی لالچ یا دباؤ کے بغیر انصاف کی بات کرے گا۔ چڑھت سنگھ کی ایک اور خوبی اس کی بے باکی تھی۔ وہ حق بات کہنے سے کبھی نہیں گھبراتا تھا۔ خواہ سامنے کوئی بڑا زمیندار ہو، بااثر سیاست دان ہو یا کسی سرکاری محکمے کا افسر، اگر اسے کوئی غلطی نظر آتی تو وہ دوٹوک انداز میں اس کی نشاندہی کرتا۔ یہی وجہ تھی کہ کچھ لوگ اس سے خائف بھی رہتے تھے، مگر دل ہی دل میں اس کی

سیلاب کو زحمت نہیں، رحمت بنائیے!

صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

قدرت جب کسی قوم کو نوازتی ہے تو وہ نعمتیں بھی عطا کرتی ہے اور آزمائشیں بھی۔ دانا قومیں آزمائشوں میں بھی مواقع تلاش کر لیتی ہیں، جبکہ غفلت کا شکار معاشرے نعمتوں کو بھی زحمت بنا لیتے ہیں۔ پاکستان کا المیہ بھی یہی ہے کہ جس پانی کو اللہ تعالیٰ نے زندگی، زرخیزی اور خوشحالی کا سرچشمہ بنایا، ہم نے ناقص منصوبہ بندی، سیاسی مصلحتوں، ادارہ جاتی کمزوریوں اور اجتماعی بے حسی کے باعث اسے تباہی اور بربادی کی علامت بنا دیا ہے۔ ہر سال مون سون آتا ہے، بارشیں ہوتی ہیں، دریا بپھر جاتے ہیں، بستیاں اجڑتی ہیں، فصلیں تباہ ہوتی ہیں، پل بہہ جاتے ہیں، سڑکیں ٹوٹ جاتی ہیں، ہزاروں خاندان بے گھر ہو جاتے ہیں اور اربوں روپے کا نقصان برداشت کرنے کے بعد ہم چند اجلاس، چند اعلانات اور چند دوروں پر اکتفا کر لیتے ہیں۔ چند ماہ بعد یہی ملک پانی کی شدید قلت کا رونا روتا ہے، کسان نہروں میں پانی نہ ہونے کی شکایت کرتے ہیں، شہروں میں زیرِ زمین پانی خطرناک حد تک نیچے چلا جاتا ہے اور ہم ایک مرتبہ پھر کسی نئے بحران کے منتظر ہو جاتے ہیں۔ یہ کیسا المیہ ہے کہ ایک ہی ملک میں کبھی پانی کی تباہی اور کبھی پانی کی قلت دونوں ایک ساتھ موجود ہوں؟ مگر بدقسمتی سے ہمارے ہاں یہ پریکٹس ہر سال ہوتی ہے۔ حکومت نے مون سون سے قبل اجلاس منعقد کیے، ایمرجنسی رسپانس کمیٹی قائم کی، این ڈی ایم اے کو متحرک کرنے اور آبی منصوبوں کے لیے اربوں روپے مختص کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ تمام اقدامات اپنی جگہ اہم ہیں، مگر قوم کا سوال آج بھی وہی ہے کہ گزشتہ برس کی ہولناک تباہی سے کیا سبق سیکھا گیا؟ کتنے نئے ڈیم تعمیر ہوئے؟ کتنے حفاظتی بند مضبوط کیے گئے؟ کتنے ندی نالے صاف ہوئے؟ کتنی تجاوزات ختم کی گئیں؟ اگر ان سوالوں کے جواب تسلی بخش نہیں تو پھر محض اجلاس اور بیانات قوم کے زخموں پر مرہم نہیں رکھ سکتے۔ پاکستان دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جو موسمیاتی تبدیلی سے شدید متاثر ہو رہے ہیں، حالانکہ عالمی آلودگی میں ہمارا حصہ نہایت معمولی ہے۔ اس کے باوجود ہماری ذمہ داری ختم نہیں ہو جاتی، بلکہ ہمیں اپنی بقا کے لیے دوسروں سے زیادہ سنجیدہ منصوبہ بندی کرنا ہوگی۔ تاکہ آنے والی نسلوں کے لیے کچھ آسانی پیدا کی جا سکیں۔ وقت آ گیا ہے کہ سیلابی پانی کو دشمن سمجھنے کی بجائے قومی سرمایہ سمجھا جائے۔ ہر سال کروڑوں ایکڑ فٹ پانی سمندر میں جا کر ضائع ہو جاتا ہے، جبکہ یہی پانی اگر بڑے ڈیموں، درمیانے آبی ذخائر، چیک ڈیموں اور بارشی ذخیرہ گاہوں میں محفوظ کر لیا جائے تو نہ صرف سیلاب کی شدت کم ہوگی بلکہ زراعت، صنعت، پینے کے پانی اور بجلی کے مسائل میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ پاکستان کو صرف ایک یا دو بڑے ڈیم نہیں بلکہ ایک ایسی قومی آبی پالیسی درکار ہے جس میں بڑے ڈیموں کے ساتھ چھوٹے ڈیم، پہاڑی علاقوں میں چیک ڈیم، بارشی پانی ذخیرہ کرنے کے منصوبے اور ہر ضلع کی جغرافیائی ضروریات کے مطابق آبی انفراسٹرکچر شامل ہو۔ پانی کا ہر قطرہ قومی امانت سمجھا جائے۔ اس سے بھی زیادہ اہم مسئلہ زیرِ زمین پانی کا ہے۔ ٹیوب ویلوں کے بے تحاشہ استعمال کی وجہ سے کئی شہروں اور دیہی علاقوں میں پانی کی سطح اتنی نیچے جا چکی ہے کہ کسانوں اور شہریوں دونوں کے لیے خطرے کی گھنٹی بج چکی ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو مستقبل میں پانی کی قلت قومی سلامتی کا مسئلہ بن سکتی ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک بارش اور سیلابی پانی کو زمین میں واپس پہنچانے کے لیے لاکھوں ریچارج ویلز، سوک ایوے کنویں اور مصنوعی ریچارج سسٹم تعمیر کر چکے ہیں۔ پاکستان میں بھی قومی سطح پر ایسی مہم شروع ہونی چاہیے کہ ہر شہر، ہر قصبے، ہر پارک، ہر سرکاری عمارت، ہر تعلیمی ادارے اور ہر زرعی علاقے میں ایسے کنویں بنائے جائیں جو بارش کے پانی کو ضائع ہونے کے بجائے زمین میں جذب کریں۔ اس ایک اقدام سے چند برسوں میں زیرِ زمین پانی کی سطح بلند کی جا سکتی ہے، خشک ہوتے کنویں دوبارہ آباد ہو سکتے ہیں اور آنے والی نسلوں کے لیے پانی محفوظ کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح شجرکاری کو محض فوٹو سیشن تک محدود رکھنے کے بجائے قومی فریضہ بنایا جائے۔ درخت صرف آکسیجن نہیں دیتے بلکہ بارش کے پانی کو زمین میں جذب کرتے، سیلابی ریلوں کی رفتار کم کرتے، مٹی کے کٹاؤ کو روکتے، درجہ حرارت میں اعتدال پیدا کرتے اور ماحول کو زندگی بخشتے ہیں۔ اگر ہر پاکستانی ہر سال چند درخت لگا کر ان کی حفاظت کا عہد کر لے تو چند برسوں میں پاکستان کا ماحولیاتی نقشہ بدل سکتا ہے۔ دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات بھی ہر سال تباہی کا سبب بنتی ہیں۔ قانون کمزور پر نہیں بلکہ طاقتور پر بھی یکساں لاگو ہونا چاہیے۔ قدرتی گزرگاہوں پر قبضہ دراصل آنے والی تباہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ حکومت کو سیاسی دباؤ سے آزاد ہو کر بلا امتیاز کارروائی کرنا ہوگی۔ تاہم صرف حکومت کو موردِ الزام ٹھہرا کر ہم اپنی ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہو سکتے۔ قومیں حکومتوں سے پہلے اپنے کردار سے بنتی ہیں۔ اگر ہم خود ندی نالوں میں کچرا پھینکیں، غیر قانونی تعمیرات کریں، پانی ضائع کریں، درخت کاٹیں، انتباہات کو نظر انداز کریں اور ہر معاملے میں صرف حکومت کی طرف دیکھتے رہیں تو پھر نقصان بھی اجتماعی ہوگا۔ ہمارے گھروں میں بارشی پانی محفوظ کرنے کے نظام کیوں نہیں؟ ہماری ہاؤسنگ سوسائٹیوں میں ریچارج کنویں کیوں نہیں؟ ہماری مساجد، مدارس، اسکول، کالج اور جامعات شجرکاری اور پانی کے تحف

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

ینے، صوبوں سے مشاورت یقینی بنانے اور وزارتِ قانون کو متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر قانونی اور ضابطہ جاتی نظام میں ضروری ترامیم تجویز کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ قومی سطح پر جامع حکمت عملی کی تشکیل اور اس پر مؤثر عمل درآمد ہی اس مسئلے کا پائیدار حل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ادارۂ ادویاتِ پاکستان (ڈریپ) طبی آلات تیار کرنے والی صنعت سے مشاورت کر کے سرنجوں کے ذریعے متعدی امراض کے پھیلاؤ کی مستقل روک تھام کے لیے مؤثر پالیسی اقدامات تجویز کرے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ متعدی امراض کے خلاف جاری کوششوں میں بین الاقوامی شراکت داروں کا تعاون نہایت اہم ہے، جبکہ علاج میں استعمال ہونے والے طبی آلات کی مقامی تیاری اور شعبۂ صحت سے وابستہ عملے کی عالمی معیار کے مطابق تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے۔ اجلاس میں وزیر اعظم کی ہدایت پر قائم خصوصی ٹاسک فورس اور وزارتِ قومی صحت کی جانب سے متعدی امراض کے سدباب کے لیے کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر قانون، وزیر مملکت برائے صحت مختار احمد برتھ، اٹارنی جنرل منصور اعوان، عالمی فنڈ کی نمائندہ، صحتِ عامہ کے ماہرین، ادارۂ ادویاتِ پاکستان کے نمائندگان اور اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

مریم نواز نے لاہور میں پیغام امن میٹی کے اراکین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب کوئی ایسا واقعہ ہوتا ہے تو مجھے رات کو نیند نہیں آتی، انتظامیہ رات کو گٹر کا ڈھکن لگاتی ہے اور کوئی اس کو چوری کر لیتا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ پنجاب نے کہا ہے کہ سرگودھا میں بچی کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ بہت دلخراش تھا، ایک بچی گھر سے 10 روپے لے کر چیز لینے گئی اور اس کی تذلیل کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچی کا گلا کاٹ دیا گیا کہ اس کی پہچان نہ ہو سکے۔ مریم نواز نے کہا کہ سماجی مسائل کا تدارک ہم سب کی اجتماعی ذمے داری ہے، پنجاب میں تمام ادارے محنت اور دلجمعی سے کام کر رہے ہیں، قیامِ امن کے لیے صوبائی کابینہ، آئی جی پنجاب اور انتظامیہ بھرپور محنت کر رہے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ پنجاب نے یہ بھی کہا کہ معرکۂ حق کی کامیابی پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہے، معرکۂ حق کے بعد پاکستان کو پوری دنیا میں عزت ملی، معرکۂ حق کا کریڈٹ وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

سل عاصم منیر شہید سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی نمازِ جنازہ اور آخری رسومات میں شرکت کے لئے تہران پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ تہران پہنچ گئے، جہاں وہ ایران کے شہید سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی نمازِ جنازہ اور آخری رسومات میں شرکت کریں گے۔ تہران پہنچنے پر ایران کے اعلیٰ فوجی اور سول حکام نے فیلڈ مارشل کا بھرپور اور پروقار استقبال کیا۔ استقبال کرنے والی اہم شخصیات میں ایرانی وزیرِ داخلہ سکندر مومنی شامل تھے، جنہوں نے پاکستانی وفد کو خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر پاکستان کے وزیرِ داخلہ محسن نقوی بھی معزز مہمانوں کے استقبال کے لیے وہاں موجود تھے۔ فیلڈ مارشل اپنے اس دورے کے دوران شہید سپریم لیڈر کی نمازِ جنازہ میں شرکت کے ساتھ ساتھ ایرانی قیادت سے ملاقاتیں بھی کریں گے، جس میں وہ پاکستانی عوام اور افواجِ پاکستان کی جانب سے اس عظیم قومی سانحے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کریں گے۔

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق مقتولہ کا اپنے شوہر رمضان کے ساتھ اکثر جھگڑا رہتا تھا۔ واقعے کے روز بھی دونوں کے درمیان تکرار ہوئی، جس پر ملزم رمضان نے طیش میں آ کر بیوی کے سر پر ڈنڈوں کے پے در پے وار کیے، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ واردات کے بعد ملزم رمضان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا، جبکہ پولیس نے مقتولہ کی لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دیا ہے۔ پولیس نے مقتولہ کے بھائی منیر خان کی مدعیت میں قتل کا مقدمہ درج کر لیا ہے اور ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

جانے والی مسافر بس گہری کھائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں 39 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ اگرچہ ریسکیو ذرائع کا ابتدائی طور پر کہنا تھا کہ حادثہ موڑ کاٹتے ہوئے بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا، تاہم حادثے میں بچ جانے والے ایک زخمی مسافر حسین احمد نے چونکا دینے انکشاف کیا، مسافر نے واقعے کا لرزہ خیز آنکھوں دیکھا حال بیان کرتے ہوئے کہا یہ حادثہ محض اتفاق نہیں بلکہ مسافر سے جھگڑے کے بعد ڈرائیور کی مبینہ غصے اور غفلت کا نتیجہ تھا۔ حسین احمد نے بتایا کہ بس میں تقریباً 45 کے قریب مسافر سوار تھے اور اس میں غیر قانونی ایرانی ڈیزل بھی لوڈ تھا، راستے میں ایک چیک پوسٹ پر بس میں لوڈ ایرانی ڈیزل پکڑا گیا، جس کے باعث ڈرائیور کو نقصان اٹھانا پڑا۔ چیک پوسٹ سے روانگی کے بعد بس ڈرائیور شدید غصے میں تھا اور اس نے ایک سواری پر غصہ نکالتے ہوئے کہا کہ

جس پر دونوں کے درمیان شدید تلخ کلامی اور جھگڑا شروع ہو گیا۔ عینی شاہد مسافر کا مزید کہنا تھا کہ اس جھگڑے کے دوران غصے سے مغلوب ڈرائیور نے گاڑی پر سے کنٹرول کھو دیا یا مبینہ طور پر جان بوجھ کر بس کھائی میں گرا دی۔ شاید بس کا ڈرائیور اور وہ مسافر جس سے جھگڑا ہوا تھا، دونوں ہی اس حادثے میں اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ دوسری جانب واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو ادارے فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور امدادی سرگرمیوں جاری ہے، ریسکیو حکام نے لاشوں اور زخمیوں کو قریبی اسپتال منتقل کر دیا ہے، جہاں متعدد زخمیوں کی حالت اب بھی تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ پولیس نے عینی شاہدین کے بیانات کی روشنی میں حادثے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

دہا ہائیکورٹ نے شہریوں سے اضافی ٹول ٹیکس کی وصولی کے معاملے پر بڑا فیصلہ سناتے ہوئے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کو اضافی رقم لینے سے روک دیا ہے۔ عدالت نے نان ایم ٹیگ اور کم بیلنس والے ایم ٹیگ پر 50 فیصد اضافی ٹول ٹیکس وصول کرنے کا نوٹیفکیشن آئندہ سماعت تک معطل کر دیا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے نوٹیفکیشن پر حکمِ امتناع جاری کرتے ہوئے این ایچ اے سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر دیے ہیں اور اگلی سماعت پر تفصیلی جواب طلب کر لیا ہے۔ شہریوں سے اضافی ٹول ٹیکس کی وصولی کے خلاف دائر اس درخواست کی پیروی ایڈووکیٹ محمد جلال حیدر نے کی، جس پر عدالت نے شہریوں کو عبوری ریلیف فراہم کرتے ہوئے اضافی ٹیکس کی وصولی فوری طور پر روکنے کا حکم دیا۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

پارٹی بلاول بھٹو زرداری، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ و دیگر شریک تھے۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

ی مسائل بدستور برقرار ہیں۔ تھرمل ٹینک کے مطابق مہنگے پاور پرچیز ایگریمنٹس، کمر توڑ کیپیسٹی چارجز اور بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی ناقص کارکردگی پاور سیکٹر میں خسارے کی بنیادی وجوہات ہیں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ فنانس ایڈجسٹمنٹ کے ذریعے گردشی قرضے کو وقتی طور پر دبایا جا رہا ہے، مگر اس حکمت عملی سے مسئلے کا مستقل حل ممکن نہیں۔ ماہرین کے مطابق گردشی قرضے میں مسلسل اضافہ نہ صرف بجلی کے شعبے بلکہ ملکی معیشت کے لیے بھی ایک بڑا چیلنج بنتا جا رہا ہے، جس کے لیے جامع اصلاحات اور مؤثر پالیسی اقدامات ناگزیر ہیں۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

کی تفتیش پر سنگین سوالات اٹھاتے ہوئے چالان کو ناقص اور نامکمل قرار دے کر ایک بار پھر واپس کر دیا۔ ذرائع نے بتایا کہ چالان کی واپسی کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ پولیس نے چالان میں پہلے سے نشاندہی کی گئی غلطیوں اور خامیوں کو دور نہیں کیا، سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس چالان کے ساتھ عدالتی کمیشن کی اہم ترین رپورٹ بھی منسلک نہیں کی گئی۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ عمارت کے ایمرجنسی گیٹ بند ہونے سے متعلق کوئی تفتیش نہیں ہوئی اور چالان میں نہ ہی اس بات کا ذکر ہے کہ عمارت کے آمد و رفت کے راستے کس نے بلاک کیے۔ اس کے علاوہ، ایک دکان کی جگہ دو اور تین دکانیں بنانے کی غیر قانونی سرگرمیوں پر بھی پولیس خاموش رہی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس بڑے سانحے کی تفتیش میں سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی، کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی، کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن اور فائر بریگیڈ جیسے اہم اداروں کے کردار کا احاطہ کر کے انہیں شاملِ تفتیش کیا جانا چاہیے تھا، جو کہ نہیں کیا گیا۔ پولیس کی جانب سے جمع کروائے گئے 4 صفحات پر مشتمل چالان میں 60 سے زائد گواہوں کے نام شامل کیے گئے ہیں۔ چالان میں ایک 11 سالہ بچے سمیت 6 ملزمان کو سانحے کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے نامزد کیا گیا ہے، جن میں یونین صدر تنویر پاستا، نائب صدر عمار اسماعیل، جنرل سیکرٹری امین، جوائنٹ سیکرٹری محمد رمضان، اور اس دکان کے مالک نعمت اللہ شامل ہیں جہاں سب سے پہلے آگ لگی تھی۔ ذرائع کے مطابق ملزم قرار دیے جانے والے 11 سالہ حذیفہ سمیت 4 افراد کے بیانات پہلے ہی ریکارڈ کیے جا چکے ہیں جبکہ 11 سالہ بچے حذیفہ نے عدالت کے سامنے اعتراف کیا تھا کہ وہ واقعے کے وقت ماچس کی تیلیوں سے کھیل رہا تھا، تاہم چالان میں موجود دیگر انتظامی اور ریگولیٹری خامیوں کو نظر انداز کرنے کے باعث سرکاری وکلا نے اسے حتمی تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہوئے دوبارہ درستگی کے لیے پولیس کو بھجوا دیا ہے۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

می انتظامیہ نے حرکت میں آتے ہوئے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ اس حوالے سے وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر کا کہنا ہے کہ آج سے لاہور میں قائم 760 ٹیوشن سینٹرز/اکیڈمیز کو سیل کرنے جا رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں ان کا کہنا تھا کہ پنجاب بھر کی اکیڈمیز/ٹیوشن سینٹرز آج سے بند کر دیے جائیں گے۔ لاہور کے بھی 760 ٹیوشن سینٹرز سیل کیے جا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں زیادہ تر تعلیمی ادارے رجسٹرڈ نہیں ہیں۔ اب وہی اکیڈمیز اور ٹیوشن سینٹرز چلیں گے، جن کے فٹنس سرٹیفکیٹ ہوں گے۔ واضح رہے کہ تین روز قبل لاہور کے علاقے کاہنہ میں ٹیوشن سینٹر کی چھت گرنے سے وہاں تعلیم حاصل کرنے والے 14 بچے شہید جب کہ متعدد زخمی ہو گئے تھے۔ اس کے ایک روز بعد باغبان پورہ میں اسکول کی چھت گرنے سے ایک بچہ جاں بحق اور کئی زخمی ہوئے تھے۔ تسلسل سے ان واقعات کے بعد کل سے لاہور میں نجی ٹیوشن سینٹرز کی رجسٹریشن کا آغاز بھی کر دیا گیا تھا اور تین روز میں رجسٹریشن مکمل کرنے کا اعلان کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

سے تجاوز کر چکی ہے۔ وینزویلا کی عبوری صدر ڈیلسی روڈریگز نے بتایا کہ سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن تاحال جاری ہے اور حکومت نے امدادی سرگرمیاں ختم نہیں کیں۔ عبوری صدر کے مطابق سب سے زیادہ متاثرہ ریاست لاگویرا میں سرکاری عمارتیں گرنے سے متعدد علاقائی سرکاری حکام جان کی بازی ہار گئے، جبکہ ملک بھر میں 189 عمارتیں مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں۔ ڈیلسی روڈریگز نے بتایا کہ تعمیر نو کے لیے آئی ایم ایف کے تعاون سے 20 کروڑ ڈالر کا خصوصی فنڈ قائم کیا جا رہا ہے، آئی ایم ایف اور عالمی بینک نے وینزویلا کو مالی امداد اور قرض کی پیشکش بھی کی ہے، جبکہ فنڈ سے حاصل ہونے والی رقم گھروں، بنیادی ڈھانچے اور دیگر متاثرہ تنصیبات کی بحالی پر خرچ کی جائے گی۔ حکام کے مطابق لاپتا افراد

کی سرکاری تعداد جاری نہیں کی گئی، تاہم غیر سرکاری آن لائن فہرستوں میں قریباً 38 ہزار 500 افراد اب بھی لاپتا بتائے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

طور پر معطل کر دی، جبکہ دوسری جانب شہر کے مختلف علاقوں میں واجبات کی عدم ادائیگی پر نادہندگان کے خلاف سخت کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ واٹر کارپوریشن کے حکام نے بتایا کہ لیاری میں 24 انچ قطر کی واٹر پائپ لائن میں لیکیج پیدا ہونے کے باعث یونین کونسل 9، 10، 11 اور 12 میں پانی کی سپلائی متاثر ہوئی ہے۔ انتظامیہ کا کہنا تھا کہ لیاری ٹاؤن کے باقی حصوں میں پانی کی فراہمی معمول کے مطابق جاری ہے، واٹر کارپوریشن کی انجینئرنگ اور ٹیکنیکل ٹیموں نے ہنگامی بنیادوں پر مرمت کا کام شروع کر دیا ہے۔ حکام کے مطابق مرمتی کام مکمل ہونے میں 36 سے 48 گھنٹے لگ سکتے ہیں، جس کے بعد متاثرہ علاقوں کو مرحلہ وار پانی کی بحالی شروع کر دی جائے گی۔ دوسری جانب واٹر کارپوریشن نے پانی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر صارفین کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے۔ مہم کے دوران کے ڈبلیو اینڈ ایس سی کی ٹیموں نے متعدد کمرشل اور صنعتی اداروں کے پانی کے کنکشن بلاک کر دیے ہیں اور ان کے احاطے سیل کر دیے ہیں۔ لانڈھی ٹاؤن کے سیکٹر 28 میں کی گئی کارروائی کے دوران کئی بڑے کمرشل اور انڈسٹریل نادہندگان کے کنکشن کاٹ دیے گئے، ان کاروباری اداروں پر واٹر کارپوریشن کے 4 کروڑ (40 ملین) روپے سے زائد کے واجبات بقایا ہیں۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے ضلع ملیر کے علاقے گلشن حدید اور اس کے مضافات کے لیے 5 ایم جی ڈی (ملین گیلن روزانہ) پانی کی فراہمی کے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے۔ افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میئر کراچی نے بتایا کہ اسٹیل ملز انتظامیہ نے گلشن حدید اور قریبی علاقوں کا پانی بند کر دیا تھا، تاہم پیپلز پارٹی کی سٹی گورنمنٹ نے اس دیرینہ مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کر دیا ہے۔ انہوں نے بتایا تھا کہ گلشن حدید کے لیے 50 کروڑ (500 ملین) روپے کی لاگت سے 4 کلومیٹر طویل علاحدہ پائپ لائن بچھائی گئی ہے، جس سے علاقے کی تقریباً 5 لاکھ آبادی مستفید ہوگی۔ واٹر کارپوریشن نے یہ منصوبہ ریکارڈ دو ماہ کے عرصے میں مکمل کیا ہے۔ میئر کراچی نے عزم ظاہر کیا کہ ماضی میں ملیر کو پیپلز پارٹی کا گڑھ ہونے کی وجہ سے نظر انداز کیا گیا، لیکن اب ملیر اور گلشن حدید کے لیے مزید ترقیاتی منصوبے لائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ میں 11 طیارے گرائے گئے۔ امریکی صدر نے کہا کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان ایٹمی جنگ روک کر 3 کروڑ جانیں بچائیں، پاکستانی وزیر اعظم نے کہا کہ میں نے جنگ روک کر 3 کروڑ افراد کو بچایا۔ اس کے علاوہ صدر ٹرمپ نے کہا کہ اسرائیل میں ان کی مقبولیت 99 فیصد تک تھی، سمجھ سے بالا ہے کہ کوئی یہودی ڈیموکریٹ کو ووٹ کیسے دے سکتا ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایلون مسک کے ساتھ بہت اچھا تعلق ہے، سمجھ سے بالا ہے کہ کوئی یہودی ڈیموکریٹ کو ووٹ کیسے دے سکتا ہے، اسرائیل میں میری مقبولیت 99 فیصد تک تھی۔ اس سے قبل صدر ٹرمپ نے کہا تھا کہ امریکا کی ایران کے ساتھ بہت اچھی بات ہو رہی ہے، انہوں نے کہا تھا کہ ایران کے ساتھ معاملات خوش اسلوبی سے آگے بڑھ رہے ہیں اور خطے میں امن کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ واضح رہے کہ صدر ٹرمپ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کی بات کئی بار دہرا چکے ہیں۔ ہر بار یہ بات سن کر مودی سرکار سیخ پا ہو جاتی ہے اور ساتھ ہی بھارتی حزب اختلاف کانگریس کو مودی جی کا مذاق اڑانے کا پھر موقع مل جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

وری 2026 کو ہوا جب افغان فورسز نے پاکستان پر سرحد پار سے حملے کیے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ پاکستانی عوام نے دہشت گردوں کے ہاتھوں بہت مصائب جھیلے ہیں۔ پاکستان واشنگٹن کا ایک اہم غیر نیٹو اتحادی ہے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی وائٹ ہاؤس واپسی کے بعد سے واشنگٹن اور اسلام آباد کے تعلقات میں بہتری آئی ہے۔ افغانستان بھارتی ایما پر ایسے عسکریت پسندوں کو پناہ دیتا ہے جو پاکستان میں حملوں کی منصوبہ بندی کے ذمہ دار ہیں، اس سلسلے میں پاکستان نے بین الاقوامی سطح پر شواہد بھی پیش کیے ہیں۔ پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف نے قومی اسمبلی میں کہا تھا کہ پاکستان نے افغان طالبان کے ساتھ متعدد بار رابطے کیا لیکن وہ اس بات کی ضمانت حاصل کرنے میں ناکام رہا کہ افغان سرزمین پاکستان کے اندر حملوں کے لیے استعمال نہیں ہو گی۔ کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے عسکریت پسند افغان سرحد عبور کر کے پاکستان میں حملے کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

، پاکستان کو کیمیکل کارپوریشن کی طرح چلایا جا رہا ہے، اسحاق ڈار کے مبینہ قریبی رشتے دار پر غیر ملکی خواتین کے ریپ اور تشدد کے الزامات ہیں، ملزم پر غیر ملکی خواتین کو بلا کر ریپ، تشدد اور بھتہ خوری کے الزامات سامنے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی سفارتخانے کی مداخلت پر ملزم کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، حکومت اس واقعے کو دبانے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہیں۔ سینیٹر نے کہا کہ کیس کو ریپ کے بجائے محض بھتہ خوری تک محدود کرنے کی کوششیں جاری ہیں، مظلوم غیر ملکی خواتین کو جلد ملک سے واپس بھیجنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں، کیس میں دفعہ 164 کا بیان اب تک سامنے نہیں لایا گیا ہے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ ماضی کے ریکارڈ کو مدنظر رکھتے ہوئے کیس میں من پسند میڈیکل رپورٹس لی جاتی ہیں، جمہوریت کے نام پر 500 افراد کی ایلیٹ کلاس نے پورے ملک پر قبضہ کیا ہوا ہے، جمہوری جماعتوں اور جمہوری جنازوں کو بے نقاب کرتا آ رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ قوم دیکھے کسی پارٹی یا اس کے لیڈر اپوزیشن ہو یا حکومت کسی کا بھی مذمتی بیان نہیں آیا، میں نے پہلے ہی کہا تھا کچھ پاکستانیوں کے انٹرنیشنل اسکینڈلز اور ویڈیوز

منظر عام پر آئیں گی، پاکستان کے امیج کا ذرا سا بھی احساس ہے تو اسحاق ڈار فوری عہدے سے استعفیٰ دیں۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

قریب واقع ایک جانوروں کے شیلٹر ہوم میں رواں سال فروری سے اپریل کے دوران پیش آئے۔ جانوروں کی دیکھ بھال کرنے والے عملے نے کئی بھیڑوں اور بکریوں کی ٹانگیں بندھی ہوئی اور جسم پر زخم دیکھنے کے بعد حکام کو اطلاع دی، جبکہ جانوروں کے ڈاکٹر نے بھی ان پر جنسی تشدد کی تصدیق کی۔ تحقیقات کے دوران شیلٹر ہوم انتظامیہ نے نگرانی کے لیے کیمرے نصب کیے، جن کی مدد سے ملزم کی شناخت ممکن ہوئی۔ عدالت نے حکم دیا کہ سزا مکمل ہونے کے بعد ملزم کو فرانس سے بے دخل کیا جائے، جبکہ اس کا نام جنسی اور پرتشدد جرائم کے ریکارڈ میں بھی شامل کیا جائے گا۔ اس واقعے نے فرانس میں جانوروں کے تحفظ اور ان کے ساتھ بدسلوکی کے خلاف قوانین پر ایک بار پھر توجہ مرکوز کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

گ میں مقدمہ درج کروا دیا گیا۔ سٹی ٹریفک پولیس آفیسر لاہور نے کہا کہ جعل سازی کو روکنے کے لئے تمام آن لائن ٹیکسی سروسز اور رکشوں پر سی ایم QR پینک بٹن نصب کئے جا رہے ہیں۔ پینک بٹن کی تنصیب سے عوامی تحفظ کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون سے بچنے کے لیے شناخت چھپانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

ای کے جنازے کے دوران حملے سے پہلے دو بار سوچ لیں۔ آیت اللہ علی خامنہ ای کی نماز جنازہ کل تہران میں ادا کی جائے گی جس میں کئی سربراہان مملکت سمیت 100 ممالک کے مندوبین شریک ہوں گے۔ نماز جنازہ کے بعد جسد خاکی تہران سے قم پھر نجف اور کربلا لے جایا جائے گا، پھر میت واپس ایران لا کر آیت اللہ علی خامنہ ای کو مشہد میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ جلوس جنازہ میں ایک کروڑ سے زائد افراد کی شرکت متوقع ہے۔ ایران کے شہید سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی نماز جنازہ کیلئے ان کا جسد خاکی تہران کے جنوبی علاقے میں واقع امام خمینی حسینیہ منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 19 ☆.....☆

جوہری تنصیبات کو اسرائیل اور امریکا کی جانب سے بمباری کا نشانہ بنایا گیا اور نقصان پہنچا، ان کا معائنہ کرنے کی کسی بھی صورت میں اجازت نہیں۔ ایران کی اسٹوڈنٹ نیوز نیٹ ورک سے گفتگو کرتے ہوئے محمد باقر قالیباف نے واضح کیا کہ بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی آئی اے ای اے) کو ایران میں صرف دو مقامات تک رسائی دی گئی ہے، جن میں بوشہر جوہری بجلی گھر بھی شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رسائی صرف اسی حد تک ہے اور ہم اسی کے پابند ہیں۔ دریں اثنا ایران کے قائم مقام وزیر دفاع نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ملک کی فوجی صلاحیتیں ایک سرخ لکیر ہیں اور امریکا کے ساتھ مذاکرات کے دوران ان پر کسی قسم کی بات چیت نہیں کی جائے گی۔ ایران کے قائم مقام وزیر دفاع ماجد ابن الرضا نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اسلامی ہیں۔ جمہوریہ ایران کی دفاعی، میزائل اور ڈرون صلاحیتیں ہماری قومی سلامتی کے لئے سرخ لکیر ہیں۔ انہوں نے مزید کہا، یہ صلاحیتیں نہ اب قابل مذاکرات ہیں اور نہ ہی مستقبل میں ہوں گی۔ ماجد ابن الرضا کا کہنا تھا کہ ایران کے میزائل اور ڈرون پروگرام مزید ترقی کرتے رہیں گے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ جنگ کے دوران ایران نے ہزاروں ڈرونز استعمال کیے، جو اس نے خلیجی ہمسایہ ممالک کی جانب داغے۔ یہ بغیر پائلٹ طیارے ایران کے لیے بڑی تعداد میں تیار کرنا نسبتاً سستا ہے اور جب انہیں بڑی تعداد میں استعمال کیا جائے تو یہ فضائی دفاعی نظاموں کو ناکام بنا سکتے

بقیہ نمبر 20 ☆.....☆

تکنیکی رکاوٹوں کو دور کرنے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزارتِ توانائی، وزارتِ ریلوے، ضلعی انتظامیہ جہلم، ایف ڈبلیو او (FWO)، سی اینڈ ڈبلیو، آئیسکو (ISCO) اور دیگر متعلقہ اداروں کے سینئر حکام نے شرکت کی، جبکہ طالب مہدی بھی اجلاس میں موجود تھے۔ آن لائن حج رجسٹریشن کا 11 واں روز، 2 لاکھ سے زائد افراد نے رجسٹریشن مکمل کر لی وزیر مملکت کے مطابق منصوبے کی دسمبر میں تکمیل کا ہدف برقرار ہے، جس سے علاقے کے لاکھوں افراد مستفید ہوں گے۔ 2 ریلوے کراسنگز کی توسیع اور بجلی کے کھمبوں کی منتقلی کا عمل بھی حتمی شکل اختیار کر چکا ہے، جس سے منصوبے پر کام مزید تیز رفتاری سے آگے بڑھ سکے گا۔

بقیہ نمبر 21 ☆.....☆

ں میں واقع مسجد میں جمعہ کا خطاب کر رہے تھے کہ اس دوران اچانک طبیعت بگڑ گئی۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ علامہ ناصر مدنی نے طبیعت خراب ہونے سے قبل کلمۂ پڑھا اور تیسری مرتبہ کلمہ پڑھتے ہوئے منبر پر گر پڑے۔ واقعے کے فوراً بعد انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی اور بعد ازاں مزید علاج کے لیے ملتان منتقل کر دیا گیا، اس موقع پر ڈی ایس پی جہانیاں ملک عبدالمجید بھی مسجد میں موجود تھے۔

بقیہ نمبر 22 ☆.....☆

چ 1990ء میں سادھو سردار مرحوم نے پوری کلیسیا کی روحانی ترقی اور اجتماعی عبادت کے لیے تعمیر کیا تھا۔ یہ کسی فرد یا گروہ کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ پوری کلیسیا کا مشترکہ عبادت خانہ ہے۔ اہل کلیسیا کے مطابق 28 جون 2026ء کو بعض مقامی افراد نے چرچ کو تالہ لگا دیا اور چرچ کے باہر ایک نوٹس آویزاں کیا، جس کے ذریعے کنونشنز اور خواتین کی ہفتہ وار میٹنگز بند کرنے کا فیصلہ ظاہر کیا گیا۔ اس کے نتیجے میں خواتین نے اپنے ہی چرچ کے باہر بازار میں نالے کے کنارے بیٹھ کر عبادت کی۔ اہل کلیسیا کا مزید مؤقف ہے کہ برسوں سے تعینات چند لوگ چرچ

کے انتظامی معاملات اپنے یکطرفہ فیصلوں کے تحت چلانے کی کوشش کرتے ہیں، جبکہ چرچ پوری کلیسیا کا مشترکہ ادارہ ہے اور اس کے فیصلے مشاورت شفافیت اور اتفاق رائے سے ہونے چاہییں۔ پاکستان کرسچن الائنس دبئی متحدہ عرب امارات ان تمام بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی اور حمایت کا اعلان کرتی ہے جنہیں چرچ میں داخل ہونے یا عبادت کرنے سے روکا گیا۔ جان قادر نے مزید کہا کہ چرچ کسی فرد یا گروہ کی ذاتی ملکیت نہیں ہر مسیحی کو یہ بنیادی حق حاصل ہے کہ وہ آزادی کے ساتھ عبادت کر سکے۔ ہم گوجرانوالہ کی انتظامیہ سے پُرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر چرچ کے دروازے تمام خواتین اور تمام مسیحی بہن بھائیوں کے لیے کھولیں تاکہ ہر شخص امن، محبت اور احترام کے ماحول میں عبادت کر سکے۔ پاکستان کرسچن الائنس دبئی متحدہ عرب امارات ان تمام بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی اور حمایت کا اعلان کرتی ہے جنہیں چرچ میں داخل ہونے یا عبادت کرنے سے روکا گیا۔ جان قادر نے مزید کہا کہ چرچ کسی فرد یا گروہ کی ذاتی ملکیت نہیں ہر مسیحی کو یہ بنیادی حق حاصل ہے کہ وہ آزادی کے ساتھ عبادت کر سکے۔ ہم گوجرانوالہ کی انتظامیہ سے پُرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر چرچ کے دروازے تمام خواتین اور تمام مسیحی بہن بھائیوں کے لیے کھولیں تاکہ ہر شخص امن، محبت اور احترام کے ماحول میں عبادت کر سکے۔

بقیہ نمبر 23 ☆.....☆

ق بلوچ کی جانب سے میاں منیر ہانس کے اعزاز میں منعقدہ تقریب میں پیپلز پارٹی کے عہدیدار اور اراکین شریک ہوئے۔ اس موقعہ پر پیپلز پارٹی مڈل ایسٹ کے صدر میاں منیر ہانس اور سنیئر رہنما مشتاق بلوچ کا کہنا تھا کہ صدر آصف علی زرداری نے ہمیشہ پاکستان کی بہتری کے لیے کام کیا ہے اور بلاول بھٹو زرداری نوجوان نسل کے اہم لیڈر بن کر ابھرے ہیں اور ہم انکی رہنمائی اور لیڈرشپ میں متحد ہیں جبکہ اوورسیز پاکستانیوں نے ہمیشہ ملک وقوم کی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں مقیم ہم وطنوں نے سب سے زیادہ زرمبادلہ بھیج کر ملکی معیشت کو مضبوط بنا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 24 ☆.....☆

ق بلوچ کی جانب سے میاں منیر ہانس کے اعزاز میں منعقدہ تقریب میں پیپلز پارٹی کے عہدیدار اور اراکین شریک ہوئے۔ اس موقعہ پر پیپلز پارٹی مڈل ایسٹ کے صدر میاں منیر ہانس اور سنیئر رہنما مشتاق بلوچ کا کہنا تھا کہ صدر آصف علی زرداری نے ہمیشہ پاکستان کی بہتری کے لیے کام کیا ہے اور بلاول بھٹو زرداری نوجوان نسل کے اہم لیڈر بن کر ابھرے ہیں اور ہم انکی رہنمائی اور لیڈرشپ میں متحد ہیں جبکہ اوورسیز پاکستانیوں نے ہمیشہ ملک وقوم کی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں مقیم ہم وطنوں نے سب سے زیادہ زرمبادلہ بھیج کر ملکی معیشت کو مضبوط بنا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 25 ☆.....☆

جا رہا ہے۔ فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

ہسپتالوں کی ری ویمپنگ، گرین بسز، ستھرا پنجاب ہر شعبے میں ریکارڈ ترقیاتی کام کئے۔ میاں ذیشان رفیق

ہمارے ناقدین کے پاس سوائے بے جا تنقید کے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ صوبائی وزیر بلدیات

نارووال (محمد ندیم خالق) صوبائی وزیر بلدیات پنجابمیاں ذیشان رفیق نے نارووال کا دورہ کیا، ستھرا پنجاب پروگرام کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر آفس پہنچنے پر چیئرمین بیت المال پنجاب خواجہ محمد وسیم بٹ اور وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری انوارالحق نے صوبائی وزیر کا استقبال کیا۔ صوبائی وزیر نے ضلعی انتظامیہ کے افسران کے اجلاس کی صدارت کی۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب غلام سرور نے نارووال میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت افرادی قوت، دستیاب مشینری، صفائی آپریشنز اور جاری سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر میاں ذیشان رفیق نے ہدایت کی کہ ضلع بھر میں ویسٹ انکلوژرز کی تعمیر کا عمل تیز کیا جائے تاکہ کوڑا کرکٹ کو مناسب انداز میں ٹھکانے لگایا جا سکے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ستھرا پنجاب پروگرام کے تمام اہلکار اپنا یونیفارم پہن کر اپنی ڈیوٹیاں انجام دیں تاکہ نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ معیار کو یقینی بنایا جا سکے۔ صوبائی وزیر نے زور دیا کہ مائیکرو پلانز کے مطابق صفائی ٹیموں کی سو فیصد ڈیپلائمنٹ ہر صورت یقینی بنائی جائے اور تمام علاقوں میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور صفائی ستھرائی کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ بعد ازاں صوبائی وزیر میاں ذیشان رفیق نے چیئرمین بیت المال پنجاب خواجہ محمد وسیم اور ایم۔ این۔ اے چوہدری انوار الحق کے ہمراہ پنجاب ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے تحت نارووال اور شکر گڑھ میں بنائے جانے والے انڈر گراؤنڈ سٹوریج ٹینکس کی تعمیراتی سائٹس کا دورہ بھی کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن کے مطابق شہروں میں جاری ڈویلپمنٹ کے منصوبوں کو آنے والے 25 سالوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے پلان کیا گیا ہے۔ بیوٹیفکیشن ورک کے بعد آج جو صورتحال ہمارے شہروں کی ہے آج سے پہلے اس کا کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ صوبہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ میونسپل سروسز کو دیہات کی سطح تک لے جایا گیا ہے اور عوامی خدمت ہی ہماری سیاست کا بیانیہ ہے۔ آج وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن کے مطابق تمام شعبہ ہائے زندگی میں لوگوں کو ریلیف مہیا کیا جا رہا ہے، ہسپتالوں کی ری۔ ویمپنگ، گرین بسز، ستھرا پنجاب ہر شعبے میں ہم نے ریکارڈ ترقیاتی کام کیے ہیں جبکہ ہمارے ناقدین کے پاس سوائے بے جا تنقید کے اور کچھ بھی نہیں ہے۔

وزیر اعظم کی مینگو ڈپلومیسی، 76 ممالک کو پاکستانی آم تحفے میں بھیجنے کا فیصلہ

34 ٹن سے زائد اعلیٰ معیار کے آم 896,6 خصوصی باکسز میں مختلف ممالک روانہ، سفارتی تعلقات کے فروغ کا اقدام



اسلام آباد (پی پی اے) حکومتِ پاکستان نے وزیر اعظم شہباز شریف کی خصوصی مینگو ڈپلومیسی مہم کے تحت دنیا کے 76 ممالک کے سربراہانِ مملکت اعلیٰ حکومتی شخصیات سفارت کاروں اور اہم عالمی شخصیات کو اعلیٰ معیار کے پاکستانی آم بطور تحفہ بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان ٹی ڈی اے پی کے مطابق اس سفارتی مہم کے تحت 34 ٹن سے زائد اعلیٰ معیار کے پاکستانی آم پانچ کلوگرام کے 896,6 خصوصی پیکنگ باکسز میں مختلف ممالک روانہ کیے جائیں گے حکام کے مطابق اس بار سب سے بڑی کھیپ سعودی عرب ترکیہ برطانیہ اور چین بھیجی جا رہی ہے جبکہ دیگر دوست اور شراکت دار ممالک بھی اس فہرست میں شامل ہیں آموں کی پیکنگ اور ترسیل بین الاقوامی معیار کے مطابق کی جا رہی ہے تاکہ منزل تک پہنچنے تک ان کی تازگی اور معیار برقرار رہے ٹی ڈی اے پی کا کہنا ہے کہ اس اقدام کا مقصد صرف پاکستانی آم بطور تحفہ پیش کرنا نہیں بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کی اعلیٰ معیار کی زرعی اور باغبانی مصنوعات کو فروغ دینا بھی ہے پاکستانی آم اپنی منفرد خوشبو ذائقے اور اعلیٰ معیار کی وجہ سے دنیا بھر میں شہرت رکھتے ہیں اور یہ مہم ان کی عالمی مارکیٹ میں مزید پذیرائی میں معاون ثابت ہوگی حکام کے مطابق مینگو ڈپلومیسی پاکستان کی سافٹ ڈپلومیسی کا اہم حصہ ہے جس کے ذریعے دوست ممالک کے ساتھ خیر سگالی باہمی اعتماد اور دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی کوشش کی جاتی ہے ماہرین کے مطابق اس نوعیت کی سفارتی مہمات پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ زرعی برآمدات میں اضافے نئی منڈیوں تک رسائی اور پاکستانی آموں کی عالمی طلب بڑھانے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں

انگلینڈ نے جنوبی افریقہ کو شکست دے کر فائنل میں جگہ بنالی

اتوار کو انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان ٹائٹل کا بڑا مقابلہ ہوگا

لندن (پی پی اے) خواتین کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں انگلینڈ نے جنوبی افریقہ کو 40 رنز سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا انگلینڈ کی کامیابی میں کپتان نیٹ سیور برنٹ اور ہیتھر نائٹ کی شاندار نصف سنچریوں نے اہم کردار ادا کیا اب ٹورنامنٹ کا فائنل اتوار کو لارڈز میں انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان کھیلا جائے گا جہاں دونوں ٹیمیں عالمی اعزاز کے لیے آمنے سامنے ہوں گی جہاں اتوار کو تاریخی لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں اس کا مقابلہ دفاعی چیمپئن آسٹریلیا سے ہوگا دونوں مضبوط ٹیموں کے درمیان عالمی اعزاز کے لیے کانٹے دار مقابلے کی توقع کی جا رہی ہے

وزیر اعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ تہران پہنچ گئے

پاکستانی قیادت آج شہید آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی نمازِ جنازہ اور آخری رسومات میں شرکت کریں گے

تہران (پی پی اے) وزیر اعظم محمد شہباز شریف اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ ایک روزہ دورے پر تہران پہنچ گئے جہاں وہ شہید ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی نمازِ جنازہ اور آخری رسومات میں شرکت کریں گے مہر آباد ایئرپورٹ پر ایران کے وزیرِ داخلہ اسکندر مومنی پاکستان کے سفیر عمران احمد صدیقی اور دونوں ممالک کے اعلیٰ سفارتی حکام نے وزیر اعظم کا پرتپاک استقبال کیا وزیر اعظم پاکستانی عوام اور حکومت کی جانب سے ایرانی قیادت، سوگوار خاندانوں اور برادر ایرانی عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کریں گے اور اس غم کی گھڑی میں پاکستان کی جانب سے مکمل یکجہتی اور بھرپور حمایت کے عزم کا اعادہ کریں گے وزیر اعظم کے ہمراہ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار وزیرِ اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور دیگر اعلیٰ حکومتی و پارلیمانی شخصیات بھی موجود ہیں اس سے قبل چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی تہران پہنچے جہاں ایرانی وزیرِ دفاع وزیرِ داخلہ اور دیگر اعلیٰ سول و عسکری حکام نے ان کا استقبال کیا، جبکہ وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی بھی اس موقع پر موجود تھے ایرانی ذرائع ابلاغ کے مطابق آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی نمازِ جنازہ آج تہران کے امام خمینی مصلّٰی میں ادا کی جائے گی جہاں دنیا بھر سے آنے والے سرکاری وفود مذہبی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد خراجِ عقیدت پیش کر رہے ہیں نمازِ جنازہ کے بعد جسدِ خاکی کو تہران سے قم، پھر نجف اور بعد ازاں کربلا منتقل کیا جائے گا واضح رہے کہ 28 فروری 2026 کو امریکا اور اسرائیل کے حملے میں آیت اللہ سید علی خامنہ ای اور دیگر اہم شخصیات شہید ہوگئی تھیں

ملیر عبداللہ گوٹھ میں اتوار کو مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا

خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام مریضوں کو آپریشن، الٹراساؤنڈ اور ادویات کی تمام سہولیات بالکل مفت ملیں گی

کراچی (ظہیر احمد میمن) ممتاز سماجی رہنما، بانی و چیئرمین خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن زاہد رحیم نے عقیلہ لطیف میموریل ہسپتال نارتھ کراچی کی زیر سرپرستی، ایگرو پولیمر اینڈ کیمیکل لمیٹڈ، پاک یونائیٹڈ ہیومین رائٹس (رجسٹرڈ) سندھ، اور ڈاکٹر عیسیٰ ✻ لیبارٹری قائد آباد برانچ کے اشتراک سے مورخہ 5 جولائی بروز اتوار، صبح 10 تا 2 بجے دوپہر بمقام گلی نمبر 1 نزد پولیس ٹریننگ سینٹر عبداللہ گوٹھ بن قاسم ضلع ملیر میں 125 ویں مفت آئی، میڈیکل کیمپ کا اہتمام کیا ہے جس میں معروف آئی سرجن ڈاکٹر شایان شادمانی کی ٹیم آنکھوں موتیا کی اسکریننگ کریگی، مشہور ماہر جگر، گردہ، معدہ، الٹرا ساونڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر سید محمد وسیم ہاشم اور ان کنیئم الٹرا ساونڈ کریگی، ماہر نیوٹریشن اسپیشلسٹ ڈاکٹر فہیم ہڈیوں کے بھربھراپن کا ٹیسٹ بالکل مفت کرینگے ڈاکٹر عبدالقادر جنرل او پی۔ ڈی کریگے۔ موتیا کے تمام مریضوں کا عقیلہ لطیف میموریل ہسپتال نارتھ کراچی میں امریکن فولڈ ایبل لینس کے ساتھ بالکل مفت آپریشن کیا جائیگا۔ ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری قائد آباد برانچ کی جانب سے شوگر ٹیسٹ مفت کیا جائیگا اور تمام روٹین ٹیسٹ پر 50 فیصد رعایت دی جائیگی، ضرورتمند مریضوں کو مفت دوائیں فراہم کیجائینگی اس موقعہ پر پاک ہیومن رائٹس ویلفیئر کے رہنما ریاض احمد شر اور ساجد حسین نے علاقے کے دکھی انسانیت غریب مسکین بے سہارا لوگوں کو فری میڈیکل کیمپ میں آکر سہولیات سے فائدہ اٹھانے کی درخواست کی ہے

پی ایس 0 3 خیرپور کے ضمنی انتخاب کا شیڈول جاری

کاغذات نامزدگی 8 سے 10 جولائی، پولنگ 16 اگست کو ہوگی

کراچی (پی پی اے) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سندھ اسمبلی کے حلقہ پی ایس 30 خیرپور پر ضمنی انتخاب کا شیڈول جاری کر دیا ہے یہ نشست رکن سندھ اسمبلی نعیم احمد کھرل کے انتقال کے باعث خالی ہوئی تھی، جس پر آئینی تقاضوں کے مطابق انتخابی عمل کا آغاز کر دیا گیا ہے الیکشن کمیشن کے مطابق ریٹرننگ افسر 6 جولائی کو پبلک نوٹس جاری کرے گا جبکہ امیدوار 8 سے 10 جولائی تک کاغذات نامزدگی جمع کرا سکیں گے امیدواروں کی ابتدائی فہرست 11 جولائی کو جاری ہوگی اور کاغذات کی جانچ پڑتال 16 جولائی کو کی جائے گی۔ ریٹرننگ افسر کے فیصلوں کے خلاف اپیلیں 20 جولائی تک دائر کی جاسکیں گی جن پر فیصلے 27 جولائی تک سنائے جائیں گے نظر ثانی شدہ فہرست 28 جولائی کو جاری ہوگی جبکہ امیدوار 29 جولائی تک کاغذات واپس لے سکیں گے الیکشن کمیشن کے مطابق انتخابی نشانات 30 جولائی کو الاٹ کیے جائیں گے جس کے بعد انتخابی مہم کا باقاعدہ آغاز ہوگا نوٹیفکیشن کے مطابق حلقہ پی ایس 30 خیرپور میں پولنگ 16 اگست 2026 بروز اتوار منعقد ہوگی جہاں رجسٹرڈ ووٹرز نئے رکن سندھ اسمبلی کا انتخاب کریں گے ضمنی انتخاب کے اعلان کے بعد حلقے میں سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آنے کا امکان ہے جبکہ مختلف سیاسی جماعتوں نے امیدواروں کے انتخاب اور حکمت عملی پر مشاورت شروع کر دی ہے الیکشن کمیشن نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ انتخابی عمل کو شفاف آزادانہ اور پرامن بنانے کے لیے تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں

مری ایکسپریس وے مظفر آباد تک توسیع کا فیصلہ

عبدالعلیم خان کی جاری منصوبے جلد مکمل کرنے کی ہدایت۔ این ایچ اے کی آمدن بڑھانے پر بھی زور

اسلام آباد (پی پی اے) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے اتھارٹی این ایچ اے کے خصوصی اجلاس میں مری ایکسپریس وے کو مظفر آباد تک مزید 70 کلومیٹر توسیع دینے کا فیصلہ کر لیا گیا اجلاس میں وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ نئے منصوبے شروع کرنے سے پہلے تمام جاری ترقیاتی منصوبے ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں عبدالعلیم خان نے کہا کہ مری مظفر آباد ایکسپریس وے کی تعمیر سے آزاد کشمیر کے عوام کو جدید محفوظ اور معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی اور انہیں بھی مری ایکسپریس وے کی طرز پر موٹروے کی سہولت حاصل ہوگی انہوں نے ہدایت کی کہ ایم ایٹ موٹروے کی تکمیل کے لیے ہوشاب آواران روڈ کو ترجیحی منصوبوں میں شامل کیا جائے ان کا کہنا تھا کہ آواران نال منصوبہ اور ہوشاب آواران روڈ پاک ایران تجارت اور سیاحت کے فروغ کے لیے انتہائی اہم ہیں اس لیے ان شاہراہوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے وفاقی وزیر نے کہا کہ رواں مالی سال میں این ایچ اے کو پہلے سے جاری 25 ترجیحی منصوبوں کی تکمیل پر خصوصی توجہ دینا ہوگی انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل میں این ایچ اے کو سالانہ 300 سے 400 ارب روپے آمدن حاصل کرنے والا ادارہ بنایا جائے گا تاکہ حکومتی انحصار کم ہو اور ادارہ اپنے وسائل سے مزید مضبوط بن سکے

ای سی سی نے گندم نیلامی اور اہم معاشی فیصلوں کی منظوری دے دی

پاسکو گندم نیلامی، ملازمین پیکیج اور درآمدی پالیسی میں ترمیم کی منظوری

اسلام آباد (پی پی اے) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی ای سی سی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں غذائی تحفظ پبلک سیکٹر اصلاحات اور درآمدی پالیسی سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس میں سیلاب سے متاثرہ پاکستان ایگریکلچرل اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن پاسکو کی 8 ہزار 197 اعشاریہ 989 میٹرک ٹن گندم اوپن مارکیٹ میں نیلام کرنے کی منظوری دی گئی ای سی سی نے ہدایت کی کہ نیلامی مکمل طور پر کھلے شفاف اور مسابقتی عمل کے تحت ہوگی جبکہ اس کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن بھی لازمی ہوگی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے پاسکو کے اہل ملازمین کے لیے 4 ارب 18 کروڑ 80 لاکھ روپے کے سیورینس پیکیج کی بھی منظوری دی اجلاس کو بتایا گیا کہ یہ رقم معاوضے، ریٹائرمنٹ اور دیگر ٹرمینل فوائد کی ادائیگی کے لیے استعمال ہوگی تاکہ ادارے کی تنظیم نو کا عمل مؤثر انداز میں مکمل کیا جا سکے اجلاس میں قائداعظم یونیورسٹی کے مالی معاملات کا جائزہ لیتے ہوئے انتظامیہ کو مالیاتی استحکام کے لیے آزاد معاشی ماہرین کی خدمات حاصل کرنے اور قابلِ عمل مالیاتی منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت دی گئی ای سی سی نے امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 میں ترمیم کی بھی منظوری دی، جس کے تحت پالیسی میں جبری مشقت کی تعریف شامل کی جائے گی اجلاس کو بتایا گیا کہ یہ ترمیم بین الاقوامی لیبر کنونشنز اور عالمی قوانین سے ہم آہنگی کے لیے کی جا رہی ہے تاکہ پاکستان کی تجارتی اور لیبر پالیسیوں کو عالمی معیار کے مطابق بنایا جا سکے اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ معاشی اصلاحات شفافیت ادارہ جاتی بہتری اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لیے حکومتی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

چوہنگ لیسکو سب ڈویژن کی مجرمانہ غفلت سندر شریف میں 3 دن سے بجلی بند،

لیسکو انتظامیہ خوابِ خرگوش کے مزے لینے لگی

سندر (نامہ نگار) ملتان روڈ پر سندر شریف چوہنگ سب ڈویژن کی بدترین نااہلی اور مجرمانہ غفلت کے باعث پچھلے تین دن سے اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے شدید گرمی اور حبس کے اس موسم میں بجلی کی مسلسل 72 گھنٹوں سے بندش نے شہریوں کی زندگی کو اجیرن بنا دیا ہے جبکہ لیسکو (LESCO) کے افسران اور عملہ عوامی مشکلات سے مکمل طور پر بے نیاز خوابِ خرگوش کے مزے لے رہا ہے اہل علاقہ کے مطابق بجلی کے پولز اکھڑ کر زمین پر گرے پڑے ہیں اور ہائی وولٹیج تاریں کھلے عام سڑکوں اور گلیوں میں بکھری ہوئی ہیں، جو کسی بھی وقت کسی بڑے جانی نقصان یا ہولناک حادثے کا سبب بن سکتی ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ چوہنگ سب ڈویژن کے افسران کو بارہا مطلع کیے جانے کے باوجود اب تک کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگی سندر شریف اور ملتان روڈ کے مکینوں کا کہنا ہے کہ تین دن سے نہ گھروں میں پینے کا پانی ہے، نہ بچے سو پا رہے ہیں اور نہ ہی مریضوں کے لیے کوئی جائے پناہ ہے لیسکو ہر ماہ بھاری بل تو باقاعدگی سے بھیجتا ہے، لیکن جب سروس دینے کی باری آئے تو ان کی نااہلی عروج پر پہنچ جاتی ہے۔ چوہنگ سب ڈویژن کے ایس ڈی او (SDO) اور لائن سپرنٹنڈنٹ نے دفاتر کو نوگو ایریا بنا رکھا ہے اور عوامی شکایات کا کوئی جواب نہیں دیا جا رہا شہریوں نے چیف ایگزیکٹو لیسکو، وزیرِ توانائی اور وزیر اعظم پاکستان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ چوہنگ سب ڈویژن کے نااہل اور فرائض سے غافل عملے کو فوری طور پر معطل کیا جائے، علاقے میں ہنگامی بنیادوں پر نئے پولز نصب کر کے بجلی بحال کی جائے بصورتِ دیگر شہری ملتان روڈ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بلاک کر کے شدید احتجاج پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری لیسکو انتظامیہ پر عائد ہوگی

راول پارک کی خوبصورتی بڑھانے کے لیے خصوصی اقدامات

ہارٹیکلچر ایجنسی کی تزئین و آرائش، شجرکاری اور شہریوں کو بہتر تفریحی سہولیات کی فراہمی پر توجہ

راولپنڈی (پی پی اے) ہارٹیکلچر ایجنسی راولپنڈی نے راول پارک کی خوبصورتی میں اضافے اور شہریوں کو بہتر تفریحی سہولیات فراہم کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے اس سلسلے میں پارک کی تزئین و آرائش سرسبز ماحول کی بحالی اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے ادارے کی جانب سے موسمی اور سجاوٹی پھولوں کی شجرکاری میں اضافہ کیا جا رہا ہے جبکہ آرائشی پودوں اور خوبصورت درختوں کی تعداد بھی بڑھائی جا رہی ہے سبزہ زاروں کی بحالی گھاس کی بہتر دیکھ بھال نئے پھولوں کی کیاریوں کی تیاری اور واکنگ ٹریکس کی بہتری پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے پارک میں صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے بیٹھنے کی جگہوں اور بچوں کے کھیل کے مقامات کو بہتر بنانے کے اقدامات بھی جاری ہیں جبکہ جدید لائٹنگ اور آرائشی عناصر کی تنصیب کے منصوبے بھی زیر غور ہیں ہارٹیکلچر ایجنسی کے مطابق ماحولیاتی بہتری آلودگی میں کمی اور سبز ماحول کے فروغ کے لیے شجرکاری مہم کو مزید وسعت دی جا رہی ہے تاکہ شہریوں کو معیاری صحت مند اور خوشگوار تفریحی ماحول میسر آسکے شہریوں نے راول پارک کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ان منصوبوں کی تکمیل سے پارک مزید خوبصورت پرکشش اور خاندانوں کے لیے بہترین تفریحی مقام بن جائے گا

چونیاں میں خواتین کو ہراساں کرنے پر مقدمہ درج، ایک ملزم گرفتار

ملزمان کی جانب سے مدعیان کو مسلسل دھمکیاں، اہل خانہ نے ڈی پی او قصور سے فوری تحفظ فراہم کرنے کا پرزور مطالبہ کر دیا



چونیاں میں خواتین کو ہراساں کرنے کا واقعہ، مقدمہ درج، ایک ملزم گرفتار، دیگر کی تلاش جاری رپورٹ: نواب یاور حسین اسد پچونیاں: تحصیل چونیاں میں خواتین کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے اور نازیبا جملے کسنے کے واقعے پر سٹی تھانہ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ مدعیان کے مطابق مقدمہ درج ہونے کے بعد ملزمان کی جانب سے انہیں مسلسل دھمکیاں دی جا رہی ہیں، جس کے باعث انہیں اپنی جان و مال کا خطرہ لاحق ہے۔ انہوں نے ڈی پی او قصور اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ انہیں اور ان کے اہل خانہ کو مکمل سکیورٹی فراہم کی جائے۔ مدعیان نے سٹی تھانہ چونیاں کے ایس ایچ او کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بروقت مقدمہ درج کر کے ہر مرحلے پر مکمل تعاون کیا، جس پر وہ پولیس کے شکر گزار ہیں۔ پولیس کے مطابق واقعے میں ملوث باقی ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری ہے اور انہیں جلد گرفتار کر کے قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے گی۔

ورلڈ اسپورٹس جرنلسٹس ڈے، عطاء اللہ تارڑ کا صحافیوں کو خراجِ تحسین

رسجا کی نومنتخب کابینہ نے حلف اٹھالیا، حکومت نے اسپورٹس صحافیوں سے تعاون جاری رکھنے کا یقین دلایا

اسلام آباد (پی پی اے) راولپنڈی اسلام آباد اسپورٹس جرنلسٹس ایسوسی ایشن رسجا کے زیر اہتمام ورلڈ اسپورٹس جرنلسٹس ڈے کے موقع پر خصوصی تقریب منعقد ہوئی جس میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے اسپورٹس جرنلسٹس کے ساتھ کیک کاٹا اور رسجا کی نومنتخب کابینہ سے حلف لیا نومنتخب عہدیداروں میں ابوبکر بن طلعت صدر ذوالفقار بیگ سینئر نائب صدر اصغر علی مبارک اور زاہد اعوان نائب صدور عنبرین علی جنرل سیکرٹری ذیشان قیوم سینئر جوائنٹ سیکرٹری اویس لطیف اور عقیل انجم جوائنٹ سیکرٹریز ناصر عباس نقوی فنانس سیکرٹری جبکہ گورننگ باڈی کے ارکان فہیم انور خان گیبریل ڈی سوزا اویس عباسی کرن خان اور عاصم ریاض شامل ہیں سرینا ہوٹل کے تعاون سے منعقدہ تقریب میں وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی بدر شہباز وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ محی الدین وانی ڈائریکٹر جنرل پاکستان اسپورٹس بورڈ یاور حسین سرینا ہوٹل کے ڈائریکٹر سیلز اینڈ مارکیٹنگ عمران حسن پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے صدر افضل بٹ نیشنل پریس کلب کے صدر عبدالرزاق سیال سیکرٹری فنانس عابد عباسی اور قومی ہاکی ٹیم کے سابق کپتان شکیل عباسی سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کی وفاقی وزیر عطاء اللہ تارڑ نے اسپورٹس صحافیوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسپورٹس ان کے دل کے قریب ہے اور اسپورٹس جرنلسٹس کھیلوں کو عوام تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے عبدالحی شاہ کو تمغۂ امتیاز ملنے کو پوری صحافی برادری کے لیے اعزاز قرار دیا اور اسپورٹس جرنلسٹس کی کمیٹی تشکیل دینے کی تجویز دیتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت اور وزارت اطلاعات ان سے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ محی الدین وانی نے کہا کہ اسپورٹس جرنلسٹس کھیلوں کے فروغ میں اہم شراکت دار ہیں انہوں نے بتایا کہ ہاکی کے لیے غیر ملکی کوچ کی تقرری ایک بڑا چیلنج تھا تاہم ہاکی فیڈریشن کے مالی وسائل دو ملین سے بڑھ کر چار سو ملین روپے تک پہنچ چکے ہیں

چاروں وزرائے اعلیٰ کا جامع جیل اصلاحات پر اتفاق

انسانی حقوق، جدید جیل نظام اور قیدیوں کی بحالی کے لیے مشترکہ قومی عزم کا اظہار

اسلام آباد (پی پی اے) نیشنل جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی کے زیر اہتمام جیل اصلاحات کانفرنس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا جس میں چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ نے ملک بھر میں جیل نظام میں جامع اور دیرپا اصلاحات کے لیے مشترکہ قومی عزم کا اظہار کیا اعلامیے کے مطابق کانفرنس میں جیلوں میں گنجائش سے زائد قیدیوں ناکافی سہولیات اور زیر سماعت قیدیوں کی بڑی تعداد پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے آزادی سے محروم تمام افراد کے آئینی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنانے پر اتفاق کیا کانفرنس میں خواتین بچوں معذور افراد اور معمولی نوعیت کے جرائم میں ملوث افراد کی غیر ضروری قید کم کرنے کے لیے ضمانت قانونی امداد پروبیشن اور پیرول کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا اعلامیے میں کہا گیا کہ گرفتاری حراست سزا جیل انتظامیہ اور پیرول سے متعلق قوانین کا جامع جائزہ لے کر انہیں جدید تقاضوں اور انسانی حقوق کے اصولوں سے ہم آہنگ بنایا جائے گا شرکاء نے جیلوں میں انفراسٹرکچر صفائی معیاری خوراک طبی سہولیات اور ذہنی صحت کی خدمات بہتر بنانے کے ساتھ قیدیوں کی تعلیم پیشہ ورانہ تربیت، نفسیاتی معاونت اور بحالی کے پروگرامز کو وسعت دینے پر بھی اتفاق کیا اعلامیے کے مطابق رہائی کے بعد سابق قیدیوں کی معاشرے میں مؤثر دوبارہ شمولیت کے لیے جامع نظام تشکیل دیا جائے گا جبکہ پولیس عدلیہ استغاثہ جیل حکام اور قانونی امدادی اداروں کے درمیان رابطہ اور تعاون مزید مضبوط بنایا جائے گا کانفرنس میں مقدمات کے جلد فیصلے، انصاف تک بروقت رسائی ہر صوبے میں جیل اصلاحات کے لیے ٹائم لائن پر مبنی منصوبہ اور اصلاحات پر باقاعدہ رپورٹنگ کا نظام قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا اعلامیے میں جیل اصلاحات کو آئینی ذمہ داری، انسانی حقوق کے تحفظ اور عوامی سلامتی کا بنیادی تقاضا قرار دیتے ہوئے چاروں وزرائے اعلیٰ نے انسانی وقار، قانون کی حکمرانی اور اصلاحی اصولوں پر مبنی جدید جیل نظام کے قیام کے عزم کا اعادہ کیا

محمد اقبال ساگر چیئرمین قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب نارووال منتخب

تمام مسالک کو ساتھ لے کر چلنا ہی ہمارا مشن ہے۔ عظمت غوری

نارووال (محمد ندیم خالق) مرکزی چیئرمین پاکستان قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب عظمت علی غوری کا ضلع نارووال کا دورہ۔ تفصیلات کے مطابق اپنے دورہ میں چیئرمین پاکستان نے سیاسی وسماجی شخصیت وسینئر جرنلسٹ محمد اقبال ساگر کو نارووال تحصیل کا چیئرمین پاکستان قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب نامزد کرتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کیا